شرح

مفید الطالبین

مع حل ترکیب

(اردو)

مفتی حبیب الرحمن صاحب خیرآبادی

مکتبہ بلال دیوبند

تعلموا العربية فانها من دينكم

عربی زبان سیکھو کیونکہ وہ تمہارے دین کا جزو ہے

مفید الطالبین (اردو)

حل ترکیب

تالیف

خادم الطلاب حبیب الرحمن الخیرآبادی

ناشر

ساجد

طبع سوم ــــــــــــ ایک ہزار

بابت ماہ ــــــــــــ ذی قعدہ سنہ ۱۴۰۲ھ

ضخامت ــــــــــــ ۹۶ صفحات

مطبوعہ ــــــــــــ ربانی آفسیٹ پرنٹرس دیوبند فون۔ 23565

قیمت ــــــــــــ

ناشر

حرا بک ڈپو دیوبند (یوپی)

کاتب: ساجد الاعظمی مدرسہ امدادیہ مرادآباد

حَمْدًا لِمَنْ خَلَقَ الْإِنْسَانَ وَعَلَّمَهُ الْبَيَانَ. وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى أَفْصَحِ الْفُصَحَاءِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ ذَوِي الْمَنَاطِقِ وَالنُّهٰى۔

أَمَّا بَعْدُ! ہمارے عربی مدارس میں جہاں درس نظامی کا کورس رائج ہے. عموماً طلبہ کیلئے فن ادب میں جس قدر کتابیں داخل درس ہیں وہ زیادہ تر محض نحو وصرف کی تعلیم کیلئے مخصوص ہیں. معلمین اور مدرسین نے بھی اپنا یہی اصول بنا رکھا ہے کہ عربی زبان اور علم ادب کے سیکھنے یا تقریر وتحریر کی مشق کرنے کی طرف توجہ کم کیجائے اور عربی قواعد زیادہ سے زیادہ بتلائے جائیں. چنانچہ اسی قدامت خیالی کے پیش نظر "مُفِيْدُ الطَّالِبِيْن" بھی لکھی گئی تاکہ طلباء نحوی وصرفی تراکیب کی مشق کریں اور ساتھ ہی ساتھ اخلاقیات اور مفید ترین نصائح سے آراستہ ہوں۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آج علم وتحقیق کی دنیا میں عربی ادب کی عمدہ سے عمدہ اور سہل سے سہل ایسی بہت سی کتابیں اہل مغرب اور اہل جرمنی نے لکھی ہیں جن میں مناسب طور ابتداء سے انتہا تک اس امر کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ زبان عربی کے قواعد صرف ونحو سمجھ لینے کے بعد ساتھ ساتھ عربی زبان میں گفتگو اور تقریر وتحریر پر قدرت حاصل ہوجاتی ہے. اور مبتدیوں کی نفسیات کا پورا لحاظ کرتے ہوئے بتدریج آگے بڑھنے کی کوشش کی گئی ہے. لیکن بایں ہمہ جو ٹھوس استعداد قدیم کتابوں کے پڑھنے سے پیدا ہوتی ہے یا اکابر اور بزرگوں کی تصنیفات سے جو فیوض وبرکات حاصل ہوتے ہیں وہ جدید کتابوں میں ناپید ہیں۔

بہرحال. یہ کتاب مبتدیوں کیلئے لکھی گئی ہے اور عربی کے ابتدائی سال میں پڑھائی جاتی ہے۔ لیکن مبتدیوں کی استعداد کے لحاظ سے اس کا معیار اونچا ہوگیا ہے. جس کی وجہ سے زیادہ تر طلبہ کبھی لغات کی مشکلات میں پھنس جاتے ہیں. اور کبھی بڑے بڑے جملوں سے گھبراتے ہیں. کہیں پیچیدہ نحوی ترکیبوں سے بھاگتے ہیں. چنانچہ ایک عرصہ سے اس امر کا احساس تھا کہ مفید الطالبین کے لغات ایسے سہل انداز میں حل کردئے جائیں جس سے طلبہ کے لئے کتاب آسان ہوجائے۔

اللہ کے فضل وکرم سے یہ دیرینہ تمنا پوری ہوئی. حتی الامکان تحقیق کے ساتھ اس میں لغات کا حل پیش کیا گیا ہے. الفاظ کے معانی مطلوبہ اور مترادفہ دونوں ذکر کئے گئے ہیں. جو افعال مزید کے آئے ہیں. کہیں کہیں ان کے مجرد کے ابواب بھی ذکر کئے گئے ہیں تاکہ ماخذ اشتقاق معلوم ہوجائے اور مزید ومجرد کے معانی کا انطباق بھی ہوجائے. مجرد ابواب کے لئے حسب ذیل حروف کے ساتھ اشارے کئے گئے ہیں۔

باب ضَرَبَ يَضْرِبُ کے لئے ض

باب نَصَرَ يَنْصُرُ کے لئے ن
باب فَتَحَ يَفْتَحُ کے لئے ف
باب سَمِعَ يَسْمَعُ کے لئے س
باب كَرُمَ يَكْرُمُ کے لئے ك
باب حَسِبَ يَحْسِبُ کے لئے ح

ہم نے ابواب ذکر کرتے وقت گو ان میں صرف ماضی کا صیغہ ذکر کیا ہے اور مضارع کیلئے باب کی علامت ذکر کر دی ہے. طلبہ علامت سے اس کا مضارع خود ہی بنالیں. ماضی و مضارع کے بعد اکثر کثیر الاستعمال اور معروف مصادر ذکر کئے ہیں. تمام مصادر کا احاطہ کرنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے. واحد کلمات کی جمع اور جمع کے واحد کی نشاندہی اعراب کے ساتھ کی گئی ہے. اس کے علاوہ الفاظ کے دیگر مشتقات بھی افادیت اور وضاحت کی خاطر لکھدئے گئے ہیں

طلبہ کو مفید الطالبین کی ترکیب نحوی کی بڑی خواہش تھی. اس لئے کتاب کے آخر میں باب اوّل کی مکمل ترکیب بھی کی گئی ہے. ترکیب میں جو سہل سے سہل صورت ہوسکتی تھی اس کو اختیار کیا گیا ہے تاکہ طلبۃ پیچیدہ ترکیبوں سے پریشان نہ ہوجائیں. چونکہ عام طور سے مدارس میں نحوی ترکیب، باب اوّل کی کرائی جاتی ہے. اس لئے ہم نے بھی ترکیب یہیں تک لکھی - تاکہ کتاب ضخیم نہ ہوجائے. امید ہے کہ اگر ایک باب کی ترکیب طلبہ نے سمجھ کر کرلی تو پھر دوسرے باب کی ترکیب انشاءاللہ وہ از خود کرلیں گے اور شرح مائۃ عامل میں پہونچ کر ترکیب ان کے لئے بہت آسان ہوجائے گی.

زبان یا لغت

زبان یا لغت ان آوازوں کو کہتے ہیں جن سے ہر قوم اپنے اغراض و مقاصد کو دوسروں پر ظاہر کرتی ہے انسان چونکہ مدنی الطبع ہے اور دوسروں کی امداد کا محتاج ہے. اس لئے اس کو اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے افہام و تفہیم کی زیادہ ضرورت ہے. اسی ضرورت کے پیش نظر خدائے تعالیٰ نے اسے زبان و بیان کی مکمل صلاحیت سے نوازا.

بنی نوع انسان کی پیدائش اور اس میں لگی ہوئی قدرتی مشینری کے کل پرزوں پر نظر ڈالئے تو عقل حیران رہ جاتی ہے کہ انسان کی اس چلتی پھرتی فیکٹری میں ایک خودکار (آٹومیٹک) مشین اس کی زبان ہے. جو دل اور دماغ میں آئے ہوئے خیالات کی ترجمانی کرتی ہے. اور بلا کسی تاخیر فوراً مناسب حروف

والفاظ کا انتخاب کر کے اپنے مقصد کو دوسروں پر ظاہر کر دیتی ہے اور اس اظہار و تعبیر کے طریقے اس درجہ مختلف ہیں کہ آج اس وقت دنیا میں دو ہزار سے زیادہ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اور بلاشبہ زبانوں کا یہ اختلاف خدائے تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

عربی زبان کی ابتداء

کثرت روایات سے پتہ چلتا ہے کہ سیدنا حضرت آدم علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سب سے پہلے جو زبان جنت میں سکھائی گئی تھی وہ عربی تھی۔ اور اسی زبان کو وہ آکر دنیا میں بولتے تھے۔ گویا انسان کی سب سے پہلی زبان عربی ہے اور بعض روایتوں سے پتہ چلتا ہے کہ فرشتوں کی بھی زبان عربی ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے ایک روایت نقل کی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ انبیاء سابقین پر جس قدر آسمانی کتابیں نازل ہوئی تھیں وہ سب عربی زبان میں تھیں۔ ان انبیاء کرام نے ان کتابوں کا ترجمہ اپنی اپنی قوم کی زبان میں مرتب کر دیا تھا۔

لہٰذا مذکورہ بالا روایت سے ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ جس طرح حکومت کی اپنی سرکاری اور دفتری زبان ہوتی ہے اور اس میں تمام فرامین جاری ہوتے ہیں۔ اسی طرح حکومت الٰہیہ کی دفتری اور سرکاری زبان عربی ہے۔ سب سے پہلے انسان کو جنت میں یہ زبان سکھائی گئی۔ دنیا میں آکر انہوں نے اسی زبان کو استعمال کیا۔ برزخ، محشر، عالم آخرت، جنت میں بھی عربی زبان ہوگی۔ اور خدا کے کلام ازلی، یعنی قرآن کریم کا عربی زبان میں ہونا اس بات کی سب سے بڑی شہادت ہے کہ عربی زبان ہی سب سے پہلے پیدا کی گئی تھی۔

دوسری زبانوں کا وجود

سیدنا حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ دراز کے بعد عربی زبانوں میں تغیر آیا تو سریانی زبان وجود میں آئی۔ اور طوفان نوح کے بعد دوسری بہت سی زبانیں دنیا میں رائج ہوگئیں۔ مگر عربی زبان اس زمانے میں بھی رائج رہی۔ حضرت نوحؑ کے ساتھی جرہم اور حضرت نوحؑ کے پوتے ارم کی زبان عربی تھی۔ اور پھر ان میں باہم مناکحت کے بعد نسل چلی وہ سب عربی بولنے والی تھی۔

اسی قبیلہ جرہم میں سیدنا حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی شادی ہوئی تھی۔ زمانہ دراز کے بعد جرہم کی زبان میں جو تغیر و تبدل آگیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعہ حضرت اسمٰعیلؑ کو خالص عربی سکھلا دی تھی بعد میں یہی قریش کی زبان بنی اور اسی میں قرآن نازل ہوا۔ (مستدرک للحاکم وسنن کبریٰ للبیہقی)

عربی کی فضیلت اور خصوصیت

عربی زبان کی فضیلت کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ امام الانبیاء سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ہے۔
اور سب سے بڑی کتاب یعنی قرآن اسی زبان میں نازل ہوا ہے۔ اور اس کی فصاحت وبلاغت اور اس کی وسعت وسہولت کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زبان کا انتخاب اسی لئے فرمایا تھا کہ وہ دنیا کی تمام زبانوں کے مقابلے میں ہر حیثیت سے بہتر اور افضل ہے۔

عربی زبان اتنی وسیع زبان ہے کہ اس کے تمام لغات کا احاطہ نبی کے سوا عام انسان کے بس کا کام نہیں ۔ ابن درید اور خلیل نے لکھا ہے کہ عربی کے کل لغات پانچ کروڑ چھ لاکھ انسٹھ ہزار چار سو ہیں. جن میں تقریبا انتالیس ہزار چار سو متروک ہیں. باقی سب مستعمل ہیں۔ پھر ان میں دو حرفی کلمات سات سو پچاس، تین حرفی کلمات انیس ہزار چھ سو پچاس، چار حرفی کلمات تین لاکھ تین ہزار چار سو اور پانچ حرفی کلمات کی تعداد چھ کروڑ تین لاکھ پچھتر ہزار ہیں. عربی زبان میں بعض بعض چیزوں کیلئے بہت سے لغات پائے جاتے ہیں. شراب، نیزہ، تلوار، اونٹ، بکری، گھوڑے، آفات، مصائب، سانپ، صبح وشام کیلئے عربی میں اتنے الفاظ ہیں کہ عقل حیران ہو جاتی ہے۔ صرف لغت کی کتابوں کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہیں. جن میں سے بعض تیس تیس جلدوں میں ہے

صاحب ابن عباد کا یہ واقعہ بہت مشہور ہے کہ ان کو کسی بادشاہ نے اپنے یہاں طلب کیا تو انہوں نے جواب لکھا کہ مجھے یہاں سے منتقل ہونے کیلئے ساٹھ اونٹ فن لغت کی کتابیں اٹھانے کیلئے چاہئیں۔

عربی زبان کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ بڑے بڑے کلام کو ایک ہی جملہ میں ادا کیا جا سکتا ہے۔ یہ وہ صفت ہے کہ دوسری تمام زبانیں اس سے خالی ہیں۔

عربی زبان کی حفاظت

عربی زبان کا سیکھنا دین کی ضروریات میں داخل اور فرض کفایہ ہے. اور اس کی تعلیم کا سلسلہ ہمیشہ قائم رکھنا اسلام کے فرائض میں سے ایک اہم فریضہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص عربی زبان میں اچھی طرح بات چیت کر سکتا ہو اسے عجمی زبان میں بات چیت نہ کرنی چاہئے. کیونکہ عجمی زبان نفاق پیدا کرتی ہے۔

ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ عربی زبان کو سیکھو اس لئے کہ وہ تمہارے دین اسلام میں سے ہے۔

قرآن اور دین اسلام کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے اپنے سر لی ہے اور قیامت تک دونوں باقی رہیں گے۔ چونکہ قرآن وحدیث یعنی اسلام کے احکام و قوانین عربی زبان میں ہیں اس لئے دین و قرآن کے بقاء کے ساتھ عربی زبان بھی تا قیامت باقی رہے گی۔ اور آج تک سینکڑوں ذرائع اور اسباب عربی زبان کے زندہ رکھنے کے جاری رہے اور اب بھی جاری ہیں۔ اور انشاء اللہ قیامت تک جاری رہیں گے۔

علم ادب کی تعریف، موضوع و غرض و غایت

تعریف

علم ادب وہ علم ہے جس کے ذریعہ عربی زبان میں بولنے اور لکھنے میں آدمی ہر قسم کی غلطیوں سے محفوظ رہ سکے۔

موضوع اور غرض و غایت

اس علم کا درحقیقت کوئی موضوع نہیں ہے۔ البتہ اہل زبان کے نزدیک اس کا فائدہ یہ ہے کہ نظم و نثر دونوں فن میں مہارت اور مناسبت تامہ حاصل ہوجائے۔

مصنف کے مختصر حالات

مولانا محمد احسن نانوتویؒ

متوفی ۱۳۱۲ھ

نام نامی محمد احسنؒ والد کا نام حافظ لطف علیؒ اور دادا کا نام محمد حسنؒ تھا۔ آپ نانوتہ ضلع سہارنپور کے رہنے والے تھے۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد حافظ لطف علی سے حاصل کی۔ پھر دہلی تشریف لے گئے اور حضرت شاہ عبد الغنی صاحب مجددیؒ، مولانا مملوک علیؒ اور مولانا احمد علی محدث سہارنپوریؒ سے پڑھا اور ان ہی حضرات سے علوم و فنون کی تکمیل کی۔

تعلیم سے فراغت کے بعد بنارس کالج اور بریلی کالج میں عربی و فارسی کے پروفیسر رہے۔ بریلی میں مطبع صدیقی کے نام سے ایک مطبع قائم کیا۔ جس میں بہت سی دینی و علمی کتابیں شائع ہوئیں۔ نیز اپنے زمانہ قیام میں وہاں ۱۲۸۹ھ میں ایک مدرسہ مصباح العلوم کے نام سے جاری کیا۔ اس میں استاذ الاساتذہ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری صاحب بذل المجہود فی شرح ابوداؤد نے بھی درس دیا

آپنے بہت سی کتابیں تالیف فرمائیں۔ مفید الطالبین جو آپکے ہاتھ میں ہے او. ابتدائی عربی ادب میں ادبی اور اخلاقی جملوں اور حکایتوں کا مجموعہ ہے اور مدارس عربیہ میں مبتدیوں کو پڑھائی جاتی ہے۔ آپ کی ہی تالیف ہے۔ یہ مجموعہ بلاشبہ نصیحت آمیز اور مفید ہے۔ علاوہ ازیں آپنے زاد المحذرات، مذاق العارفین، ترجمہ احیاء العلوم للغزالی احسن المسائل ترجمہ کنز الدقائق، تہذیب الایمان، حمایت اسلام، کشاف، سلک مروارید، رسالہ اصول جر ثقیل، رسالہ عروض، نکات نماز تالیف فرمایا۔

فتاوی کی مشہور کتاب دُرِ مختار کے ابتدائی چند ابواب کا ترجمہ غایۃ الاوطار کے نام سے شروع کیا تھا۔ جس کو بعد میں مولانا حزم علی صاحب بلہوری نے مکمل فرمایا۔ اور حجۃ اللہ البالغہ، شفاء قاضی عیاض، کنز الحقائق، نفحۃ الیمن، خلاصۃ الحساب، قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین اور فتاوی عزیزی کو مرتب و مہذب کیا۔ آپنے دیوبند ضلع سہارنپور میں ۱۳۱۲ھ میں وفات پائی اور وہیں دفن کئے گئے

(ترجمہ تذکرہ علمائے ہند ص۱۷۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا وَبَعْدُ فَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ الْمُسَمَّاةُ

میں اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہوں۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہوں اور حمد وصلوٰۃ کے بعد پس یہ رسالہ جو نام رکھا گیا ہے

بِمُفِيْدِ الطَّالِبِيْنَ مُشْتَمِلَةٌ عَلَى الْبَابَيْنِ - اَلْبَابُ الْاَوَّلُ

بمفید الطالبین کے ساتھ مشتمل ہے دو بابوں پر پہلا باب

فِي الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ وَالْبَابُ الثَّانِي فِي الْحِكَايَاتِ وَالنَّقْلِيَّاتِ

کہاوتوں اور نصیحتوں کے بیان میں۔ اور دوسرا باب حکایتوں اور روایتوں کے بیان میں۔

۱ حَامِدًا۔ اسم فاعل۔ حَمِدَهٗ (س) حَمْدًا وَمَحْمَدًا۔ تعریف کرنا۔ حمد بیان کرنا ۲ مُصَلِّيًا۔ اسم فاعل صَلّٰى عَلَيْهِ درود بھیجنا۔ ۳ اَلرِّسَالَةَ۔ بالکسر خط۔ جمع رَسَائِل۔ رِسَالَاتٌ ۴ اَلْمُسَمَّاةُ اسم مفعول، سَمّٰى تَسْمِيَةً۔ نام رکھنا۔ سَمَّى الرَّجُلَ زَيْدًا اَوْ بِزَيْدٍ، آدمی کا زید نام رکھا، ۵ مُفِيْد، اسم فاعل اَفَادَ فُلَانًا، فائدہ پہنچانا ۶ اَلطَّالِبِيْن (اسم فاعل جمع مذکر سالم بحالت جر) طَلَبَ (ن) طَلَبًا۔ الشیئ، ڈھونڈھنا۔ طلب کرنا۔ طَلَبَ اِلَيْهِ، مائل ہونا ۷ مُشْتَمِلَةٌ، اسم فاعل، اِشْتَمَلَ، اِشْتِمَالًا۔ شامل ہونا، اَلْاَمْرُ عَلَيْهِ، گھیرنا، احاطہ کرنا۔ شَمَلَ (ن س)، شَمْلًا وَشُمُوْلًا۔ شامل ہونا، عام ہونا ۸ بَابَيْنِ، بَابٌ کا تثنیہ ہے، مِنَ الْكِتَابِ، کتاب کا باب، اصل معنی دروازہ، جمع اَبْوَابٌ اور بِيْبَانٌ آتی ہے ۹ اَمْثَال جمع ہے مِثْلٌ (بالکسر) کی، کہاوت، مانند، مشابہ، نظیر، اس کا استعمال مذکر ومؤنث، واحد، تثنیہ، جمع، سب کے لئے یکساں ہوتا ہے، مَثَلَ (ن)، مُثُوْلًا فُلَانًا، مانند ہونا ۱۰ اَلْمَوَاعِظ۔ جمع ہے مَوْعِظَةٌ کی، وعظ پند ونصیحت، وَعَظَ (ض) وَعْظًا وَعِظَةً، نصیحت کرنا ۱۱ الحکایات، جمع ہے حِكَايَةٌ کی حَكٰى (ض)، حِكَايَةً۔ بیان کرنا، نقل کرنا ۱۲ اَلنَّقْلِيَّات، روایت کی ہوئی، منقول، بیان کردہ چیزیں، واحد نَقْلِيَّةٌ ہے، نَقَلَ (ن)، نَقْلًا، روایت کرنا، نقل کرنا۔

اَلَّفْتُهَا لِلْمُبْتَدِئِيْنَ مِنْ طُلَبَاءِ الْعَرَبِيَّةِ۔ فَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰهِ اَنْ

میں نے اس کو تالیف کیا ہے عربی کے ابتدائی طالب علموں کے لئے۔ پس اللہ سے درخواست ہے کہ

يَنْفَعَهُمْ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

نفع پہونچاتے ان طلبہ کو اور وہی کافی ہے مجھکو اور بہترین کارساز ہے

اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِى الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ

پہلا باب کہاوتوں اور نصیحتوں کے بیان میں

اَوَّلُ النَّاسِ اَوَّلُ نَاسٍ۔ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ۔ اَلْجَهْلُ مَوْتُ الْاَحْيَاءِ

لوگوں میں سب سے پہلا سب سے پہلے بھولنے والا ہے۔ علم کی مصیبت بھول جانا ہے۔ جاہل ہونا زندوں کی موت ہے

۱؎ اَلَّفْتُ۔ اَلَّفَ تَالِيْفًا۔ جمع کرنا۔ ملانا۔ اَلْکِتَابَ۔ مسائل جمع کرنا۔ تصنیف کرنا۔ اسی سے مُؤَلِّفٌ ہے۔ کتاب لکھنے والے کو کہتے ہیں ۱۲ ۲؎ اَلْمُبْتَدِئِيْنَ (اسم فاعل) اِبْتَدَأَ وَبَدَأَ (ف) بَدْءًا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ ۳؎ طُلَبَاءُ (بالضم) جمع ہے طَلِيْبٌ کی۔ بہت زیادہ طلب کرنیوالا۔ مراد طالب علم ہیں اور طَلَبَةٌ، طالب کی جمع ہے۔ باب نصر سے آتا ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا ۱۲ ۴؎ اَلْمَسْئُوْلُ۔ اسم مفعول۔ سَاَلَ (ف) سُؤَالًا وَتَسْاَلًا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا ۱۲ ۵؎ نَفَعَ (ف) نَفْعًا۔ فائدہ پہونچانا۔ نفع دینا۔ اسی سے مَنْفَعَةٌ آتا ہے وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے جمع مَنَافِعُ آتی ہے ۱۲ ۶؎ حَسْبُ۔ بفتح الاول وسکون الثانی۔ بولا جاتا ہے حَسْبُكَ دِرْهَمٌ یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے ۱۲ ۷؎ نِعْمَ۔ افعال مدح میں سے ہے۔ اس کا اکثر استعمال واحد ہوتا ہے۔ جیسے نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ۔ زید کیا ہی اچھا ہے ۱۲ ۸؎ اَلْوَكِيْلُ۔ اسماء حسنیٰ میں سے۔ کارساز۔ کفایت کرنیوالا۔ وَكَلَ (ض) وَكْلًا۔ اِلَيْهِ الْاَمْرَ۔ سپرد کرنا ۱۲ ۹؎ اَلْاَوَّلُ۔ پہلا جمع اَوَائِلُ اور اَوَالُ آتی ہے۔ مؤنث کے لئے اُوْلٰى آتا ہے۔ اس کی جمع اُوَلٌ اور اُوْلَيَاتٌ آتی ہے۔ صفت کے علاوہ تمام صورتوں میں منصرف ہوتا ہے ۱۲ ۱۰؎ اَلنَّاسُ جمع ہے اِنْسَانٌ کی، لوگ، قوم ۱۲ ۱۱؎ نَاسٍ (اسم فاعل) نَسِيَ (س) نِسْيَانًا، بھول جانا۔ فراموش کرنا ۱۲ ۱۲؎ اٰفَةٌ مصیبت۔ آفت جمع اٰفَاتٌ آتی ہے۔ اٰفَ (ن) اَوْفًا۔ اَلْبِلَادُ آفت زدہ ہونا۔ اٰفَ۔ اَوْفًا۔ فاسد کرنا۔ نقصان پہونچانا ۱۲ ۱۳؎ ملاحظہ ہو نَاسٍ ہند سہ ۱۱ ۱۲ ۱۴؎ اَلْجَهْلُ۔ جَهِلَ (س) جَهْلًا وَجَهَالَةً۔ جاہل ہونا۔ ناواقف ہونا۔ ان پڑھ ہونا۔ اسکی صفت جَاهِلٌ آتی ہے۔ جسکی جمع جُهَلَاءُ، جُهَّالٌ، جُهَّلٌ، جُهُلٌ اور جَهَلَةٌ آتی ہے ۱۲ ۱۵؎ مَوْتٌ۔ حَيَاةٌ کی ضد ہے۔ مَاتَ۔ يَمُوْتُ (ن) مَوْتًا۔ مرنا۔ ختم ہونا اسی سے مَيْتٌ اور مَيِّتٌ آتا ہے۔ بمعنی مردہ، اول کی جمع مَيْتُوْنَ اور ثانی کی جمع اَمْوَاتٌ اور مَوْتٰى آتی ہے۔ ۱۶؎ اَلْاَحْيَاءُ۔ بالفتح جمع ہے حَيٌّ کی بمعنی زندہ حَيِيَ (س) حَيَاةً۔ زندہ رہنا ۱۲

اَلنَّاسُ اَعْدَاءٌ[1] لِمَا جَهِلُوْا۔ اَلْعَاقِلُ[2] تَكْفِيْهِ[3] الْاِشَارَةُ[4]۔ اَلْعُجْبُ[5] اٰفَةُ اللُّبِّ[6]۔

لوگ دشمن ہیں اس چیز کے جسکو نہیں جانتے۔ عقلمند کو اشارہ کافی ہوتا ہے۔ خود پسندی عقل کی آفت ہے۔

اِذَا تَمَّ[7] الْعَقْلُ نَقَصَ[8] الْكَلَامُ[9]۔ اَلْاَدَبُ[10] جُنَّةٌ[11] لِلنَّاسِ۔ اَلْحِرْصُ[12] مِفْتَاحُ[13] الذُّلِّ[14]۔

جب عقل پوری ہوجاتی ہے تو کلام کم ہوجاتا ہے۔ ادب ڈھال ہے لوگوں کیلئے۔ لالچ ذلت کی کنجی ہے۔

[1] اَعْدَاءٌ۔ بالفتح جمع ہے عَدُوٌّ کی بمعنی دشمن اسکی جمع الجمع اَعَادٍ آتی ہے۔ نصر اور سمع سے آتا ہے۔ [2] اَلْعَاقِلُ اسم فاعل، سمجھدار۔ دانا۔ جمع عُقَلَاءُ۔ عُقَّالٌ اور عَاقِلُوْنَ آتی ہے۔ مؤنث کیلئے عَاقِلَةٌ آتا ہے۔ جس کی جمع عَوَاقِلُ اور عَاقِلَاتٌ آتی ہے۔ عَقَلَ (ض)، عَقْلاً، سمجھدار اور عقل والا ہونا۔ [3] تَكْفِيْهِ۔ كَفٰى (ض) كِفَايَةً۔ الشَّيْئُ کافی ہونا۔ [4] اَلْاِشَارَةُ۔ اَشَارَ۔ يُشِيْرُ اِشَارَةً۔ اليه۔ اشارہ کرنا۔ [5] اَلْعُجْبُ بالضم۔ تکبر۔ بڑائی۔ فخر و غرور۔ خود پسندی۔ عَجِبَ (س)، عَجَبًا۔ اِلَيْهِ۔ پسند کرنا۔ مِنْهُ وَلَهٗ۔ تعجب کرنا۔ [6] اَللُّبُّ۔ عقل۔ ہر چیز کا حاصل۔ مغز۔ جمع اَلْبَابٌ۔ اَلُبٌّ اور کبھی اَلْبُبٌ بھی آتی ہے۔ لَبَّ (ض۔ س)، لُبًّا وَلَبَابَةً عقلمند ہونا۔ [7] تَمَّ (ض)، تَمًّا وَتَمَامًا۔ پورا ہونا۔ کامل ہونا۔ [8] نَقَصَ (ن)، نَقْصًا و نُقْصَانًا۔ ناقص ہونا۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ لازم و متعدی دونوں آتا ہے۔ اسی سے نَاقِصٌ آتا ہے جمع اسکی نُقَّصٌ آتی ہے۔ [9] اَلْكَلَامُ۔ بالفتح۔ بات۔ چیت۔ قول۔ جملہ۔ كَلَمَهٗ (ض۔ ن)، كَلْمًا زخم لگانا۔ چونکہ آدمی کی بات سے بھی دوسرے آدمی کو زخم لگتا ہے۔ اس لئے اسکو کلام کہا جاتا ہے۔ [10] اَلْاَدَبُ۔ تمام علوم و معارف، اخلاق ملکہ، عقلمندی۔ خوش طبعی۔ مخصوص قوانین۔ یہاں علم ادب مراد ہے۔ جسکے ذریعے سے لکھنے۔ پڑھنے اور بولنے میں آدمی غلطی سے محفوظ رہتا ہے۔ اسکی جمع اٰدَابٌ آتی ہے۔ اَدُبَ (ك)، اَدَبًا۔ عقلمند و چالاک ہونا۔ ادب والا ہونا۔ صفت کے لئے اَدِيْبٌ آتا ہے۔ اسکی جمع اُدَبَاءُ آتی ہے۔ [11] جُنَّةٌ۔ بالضم۔ اصل معنی۔ پردہ۔ مراد ڈھال۔ جمع جُنَنٌ آتی ہے۔ اسکے لئے مِجَنٌّ اور مِجَنَّةٌ بھی آتا ہے۔ جسکی جمع مَجَانٌّ آتی ہے۔ جَنَّ (ن) جَنًّا وَجُنُوْنًا۔ دیوانہ اور پاگل ہونا۔ اور بصلہ علی۔ چھپانا (نکتہ) جس کلمہ میں (ج۔ ن ن) کا مادہ ہوگا اسمیں چھپنے کا معنی پایا جائیگا۔ [12] اَلْحِرْصُ۔ حَرَصَ (ض۔ س)، حِرْصًا۔ لالچ کرنا۔ صفت حَرِيْصٌ۔ جمع حُرَصَاءُ، حِرَاصٌ اور حُرَّاصٌ آتی ہے۔ مؤنث کیلئے حَرِيْصَةٌ آتا ہے۔ جس کی جمع حِرَاصٌ اور حَرَائِصُ آتی ہے۔ [13] مِفْتَاحٌ بالکسر۔ کنجی۔ جمع مَفَاتِيْحُ آتی ہے اور مَفَاتِحُ۔ مِفْتَحٌ کی جمع آتی ہے۔ اسکے معنی بھی کنجی کے آتے ہیں۔ فَتَحَ (ف)، فَتْحًا۔ اَلْبَابَ۔ دروازہ کھولنا۔ [14] اَلذُّلُّ۔ بالضم۔ بڑی ذلت بے عزتی۔ ذَلَّ (ض)، ذُلًّا وَذِلَّةً ذلیل ہونا۔ صفت ذَلِيْلٌ اور ذُلَّانٌ آتی ہے جسکی جمع اَذِلَّاءُ۔ اَذِلَّةٌ اور ذِلَالٌ آتی ہے۔

اَلْقَنَاعَةُ مِفْتَاحُ الرَّاحَةِ ۔ اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ ۔ اَلنَّقْدُ خَيْرٌ مِّنَ النَّسِيْئَةِ

قناعت راحت کی کنجی ہے ۔ صبر کشادگی کی کنجی ہے ۔ نقد ادھار سے بہتر ہے

اَلْجَاهِلُ يَرْضٰى عَنْ نَفْسِهٖ ۔ اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهٖ ۔ اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ

جاہل اپنے نفس سے خوش رہتا ہے ۔ نیکبخت وہ شخص ہے جو نصیحت پکڑے اپنے غیر سے ۔ لوگ پہچانے جاتے ہیں لباس سے

اَلنَّاسُ عَلٰى دِيْنِ مُلُوْكِهِمْ ۔ اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّةِ

لوگ اپنے بادشاہوں کے طریقہ پر ہوتے ہیں ۔ قرض محبت کی قینچی ہے ۔

ا؎ اَلْقَنَاعَةُ۔ تھوڑے پر صبر کرنا۔ باب سَمِعَ سے آتا ہے ۲؎ الرَّاحَةُ۔ آرام۔ جمع رَاحَاتٌ۔ ۳؎ الصَّبْرُ بالفتح مصیبت پر نفس کو روکنا اور شکایت نہ کرنا۔ صَبَرَ (ض)، صَبْرًا عَنْهُ۔ عَلَيْهِ۔ صبر کرنا ۴؎ اَلْفَرَجُ بفتحتین۔ کشادگی۔ فَرَجَ (ض)، فَرْجًا۔ اَلشَّيْئَ۔ کھولنا۔ کشادہ کرنا ۱۲ ۵؎ اَلنَّقْدُ۔ جو فورًا ادا کیا جائے نقد ادھار کی ضد ہے جمع نُقُوْدٌ و نِقَادٌ چاندی، سونے کو کہتے ہیں، نَقَدَ (ن)، نَقْدًا، فلانًا، اَلثَّمَنَ، نقد ادا کرنا ۱۲ ۶؎ خَيْرٌ بالفتح، بہتر، یہ اَخْيَرُ اسم تفضیل کا مخفف ہے، مؤنث کیلئے خَيْرَةٌ آتا ہے، خَارَ (ض)، خَيْرًا بہتری کرنا ۷؎ النَّسِيْئَة ، ادھار، تاخیر، نَسَأَ (ف) نَسْأً و مَنْسَأَةً، الشَّيْئَ، مؤخر کرنا ۱۲ ۸؎ يَرْضٰى (س)، رِضًى و رِضْوَانًا و مَرْضَاة، عَنْه، عَلَيْهِ، خوش ہونا، راضی ہونا ۱۲ ۹؎ نَفْسه، عین شیئ، خود، شخص، کبھی تاکید کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے جَاءَ زَيْدٌ بِنَفْسِهٖ ۱۲ ۱۰؎ اَلسَّعِيْد، نیکبخت جمع سُعَدَاءُ سَعِدَ (س)، سَعَادَةً، نیکبخت ہونا، خوش قسمت ہونا ۱۲ ۱۱؎ وُعِظَ، ماضی مجہول، ملاحظہ ہو ۹؎ ہند ۱۲؎ اَللِّبَاسُ۔ بالکسر۔ جو پہنا جائے۔ پہننے والے کپڑے، جمع لُبُسٌ و اَلْبِسَةٌ آتی ہے۔ لَبِسَ (س) لُبْسًا۔ اَلثَّوْبَ، کپڑا پہننا ۱۲ ۱۳؎ دِيْنٌ۔ بالکسر، سیرت، عادت، طریقہ، حالت۔ مذہب۔ ملت۔ جمع اَدْيَان آتی ہے۔ دَانَ (ض)، دِيْنًا و دِيَانَةً۔ بِالْمِلَّة۔ دین اختیار کرنا۔ فرمانبرداری کرنا ۱۲ ۱۴؎ مُلُوْك جمع مَلِكٌ۔ اسکی جمع اَمْلَاكٌ بھی آتی ہے۔ مَلِكٌ (بفتح الاول وکسر الثانی) کی۔ بادشاہ۔ صاحب اقتدار۔ اسماء حسنیٰ میں سے ہے، مَلَكَ (ض)، مُلْكًا و مِلْكًا۔ الشيئَ۔ مالک ہونا۔ غالب ہونا ۱۲ ۱۵؎ اَلْقَرْضُ۔ ادھار۔ قَرَضَ (ض)، قَرْضًا وَقَرَضَ۔ الشيئَ۔ کاٹنا۔ اسی سے مِقْرَاضٌ (اسم آلہ) آتا ہے۔ بمعنی قینچی۔ جمع مَقَارِيْضُ ۱۲ ۱۶؎ اَلْمَحَبَّةَ بالفتح۔ محبت۔ حَبَّ (ض)، حُبًّا۔ محبت کرنا۔ حَبَّ (س ك)، إِلَيْهِ۔ محبت ہونا ۱۲

اَلْاَمَانِیْ تُعْمِیْ عُیُوْنَ الْبَصَائِرِ۔ اَلْحِلْمُ سَجِیَّۃٌ فَاضِلَۃٌ۔ اَلْحِمْیَۃُ رَاْسُ

(غلط) خواہشیں اندھا کردیتی ہیں بصیرت (دل) کی آنکھوں کو۔ بردباری عمدہ عادت ہے۔ پرہیز ہر دوا کی

کُلِّ دَوَاءٍ۔ اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ۔ اَلْجِنْسُ یَمِیْلُ اِلَی الْجِنْسِ۔ اَلْکَرِیْمُ

جڑ ہے۔ آدمی (دوسروں کو) اپنے اوپر قیاس کرتا ہے۔ (ہر) جنس اپنی جنس کی طرف مائل ہوتی ہے۔

اِذَا وَعَدَ وَفٰی

شریف آدمی جب وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے

اَلْاَمَانِیْ۔ آرزو۔ امیدیں۔ تمنائیں۔ واحد اُمْنِیَّۃٌ آتا ہے۔ اسکی جمع اَمَانٍ بھی آتی ہے۔ مثلٌ تَمْنِیَۃٌ آرزو دلانا ۲ تُعْمِیْ مضارع من باب الافعال۔ اَعْمٰی۔ اِعْمَاءٌ۔ اندھا کرنا۔ مجرد میں عَمِیَ (س) عَمًی اندھا ہونا۔ اسی سے اَعْمٰی (اسم تفضیل) آتا ہے بمعنی نابینا۔ جمع عُمْیٌ عُمْیَانٌ۔ اَعْمَاءٌ۔ عُمَاۃٌ۔ ۳ عُیُوْنٌ۔ جمع ہے عَیْنٌ کی۔ آنکھ۔ یہ کلمہ مؤنث ہے اسکی جمع عُیُوْنٌ، اَعْیَانٌ، اَعْیُنٌ بھی آتی ہے " ۴ اَلْبَصَائِرُ۔ جمع بَصِیْرَۃٌ کی۔ عقل۔ دانائی۔ بَصُرَ (ك س) بَصَارَۃٌ۔ جاننا۔ دیکھنا ۵ اَلْحِلْمُ بالکسر بردباری۔ حَلُمَ (ك) حِلْمًا۔ بردبار ہونا۔ صفت حَلِیْمٌ آتی ہے۔ جمع حُلَمَاءُ۔ اَحْلَامٌ " ۶ سَجِیَّۃٌ۔ (بتشدید الیاء) خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ جمع سَجَایَا۔ سَجِیَّاتٌ آتی ہے۔ ۷ فَاضِلَۃٌ۔ بلند مرتبہ۔ عمدہ۔ خوبی والا۔ جمع فَوَاضِلُ۔ فَضُلَ (ك س) فَضْلًا۔ فضیلت والا ہونا " ۸ اَلْحِمْیَۃُ (بکسر الاول وفتح الثالث بدون التشدید) پرہیز۔ بولا جاتا ہے۔ اَلْمِعْدَۃُ بَیْتُ الدَّاءِ وَالْحِمْیَۃُ رَاْسُ الدَّوَاءِ۔ معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی جڑ ہے۔ حَمٰی (ض) حَمْیًا وَحِمْیَۃً۔ روکنا۔ بچانا۔ پرہیز کرانا " ۹ رَاْسٌ۔ اصل معنی سَر۔ مراد، اصل اور جڑ ہے۔ جمع رُؤُوْسٌ۔ اَرْاُسٌ۔ رُؤْسٌ۔ اَرْؤُسٌ۔ رَاَسَ (ف) رِئَاسَۃٌ۔ سردار ہونا " ۱۰ دَوَاءٌ۔ دوا۔ علاج۔ جمع اَدْوِیَۃٌ آتی ہے۔ دَاوٰی۔ مُدَاوَاۃٌ۔ علاج کرنا " ۱۱ اَلْمَرْءُ (بالحرکات الثلثۃ) مرد۔ جمع رِجَالٌ: مِنْ غَیْرِ لَفْظِہٖ۔ آتی ہے۔ بعضوں نے مَرْءُوْنَ بھی بتائی ہے " ۱۲ قَاسَ (ض) قَیْسًا وَقِیَاسًا۔ قیاس کرنا۔ اندازہ کرنا۔ ناپنا۔ اسی سے مِقْیَاسٌ آتا ہے۔ ناپنے کا آلہ۔ میٹر۔ جمع مَقَایِیْسُ آتی ہے۔ ۱۳ اَلْجِنْسُ (بالکسر) جنس، ماہیت، جس میں مختلف انواع پائی جائیں جمع اَجْنَاسٌ " ۱۴ یَمِیْلُ۔ مَالَ (ض) مَیْلًا وَمَیَلَانًا۔ مائل ہونا۔ جھکنا۔ رغبت کرنا " ۱۵ اَلْکَرِیْمُ۔ شریف۔ بزرگ۔ سخی۔ ہر قابل تعریف چیز جمع کِرَامٌ کُرَمَاءُ۔ کَرُمَ (ك) کَرَمًا وَکَرَامَۃً۔ شریف و بزرگ، عمدہ ہونا۔ سخی ہونا۔ باعزت ہونا " ۱۶ وَعَدَ (ض) وَعْدًا وَعِدَۃً بِہٖ۔ وعدہ کرنا " ۱۷ وَفٰی (ض) وَفَاءً۔ پورا کرنا "

اَلْحِکْمَةُ[1] تَزِیْدُ[2] الشَّرِیْفَ[3] شَرَفًا۔ اَلدُّنْیَا[4] بِالْوَسَائِلِ[5] لَا بِالْفَضَائِلِ[6]

دانائی زیادہ کرتی ہے شریف کو شرافت کے اعتبار سے ۔ دنیا وسیلے سے حاصل ہوتی ہے نہ بلند مرتبہ سے

اَلدُّنْیَا مَزْرَعَةُ[7] الْاٰخِرَةِ[8]۔ اَلْاِنْسَانُ حَرِیْصٌ[9] فِیْمَا مُنِعَ[10]۔ اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ[11] الْاِحْسَانِ[12]

دنیا آخرت کی کھیتی ہے ۔ انسان حریص ہوتا ہے اس چیز میں جس سے روکا جائے ۔ انسان احسان کا غلام ہوتا ہے

اَلصِّدْقُ[13] یُنْجِیْ[14] وَالْکِذْبُ[15] یُهْلِكُ[16]۔ اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَیْكَ

سچ نجات دیتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے: (دوسروں کے ساتھ) احسان کرو جیسا کہ احسان کیا اللہ نے تمہارے ساتھ

[1] اَلْحِکْمَةُ ۔ بالکسر۔ بردباری۔ دانائی۔ حق بات۔ کام کی درستگی۔ جمع حِکَمٌ۔ حَکُمَ (ك) حِکْمَةً۔ دانا ہونا۔ عقلمند ہونا۔ اسی سے حَکِیْمٌ ہے۔ دانا اور عقلمند آدمی کو کہتے ہیں۔ جمع حُکَمَاءُ آتی ہے [2] تَزِیْدُ۔ زَادَ (ض)، زِیَادَةً بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ اَلشَّیْءَ زیادہ کرنا۔ لازم اور متعدی دونوں آتا ہے ۱۲ [3] الشَّرِیْفُ۔ باعزت۔ بلند مرتبہ والا جمع شُرَفَاءُ۔ اَشْرَافٌ۔ شَرُفَ (ك.ن)، شَرَفًا وَشَرَافَةً باعزت ہونا۔ شریف ہونا ۱۲ [4] اَلدُّنْیَا۔ موجودہ زندگی۔ جمع دُنًی۔ دَنَا (ن)، دُنُوًّا قریب ہونا۔ بعضوں نے دَنِیَ (س)، دِنَایَةً سے مشتق مانا ہے۔ بمعنی گھٹیا ہونا کمینہ ہونا ۱۲ [5] وَسَائِل۔ جمع ہے وَسِیْلَةٌ کی۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ وَسَلَ (ض)، وَسِیْلَةً وَتَوَسُّلَ قرب حاصل کرنا ۱۲ [6] اَلْفَضَائِل۔ جمع ہے فَضِیْلَةٌ کی۔ خوبی۔ بلند مرتبہ ۱۲ ملاحظہ ہو ص۳۳ ہندسہ ۶ ۱۲ [7] مَزْرَعَة بفتح الاول والثالث مع ضمہ کھیتی جمع مَزَارِعُ۔ زَرَعَ (ف)، زَرْعًا۔ بونا۔ بیج ڈالنا ۱۲ [8] اَلْاٰخِرَة۔ بکسر الخاء حساب وکتاب کے بعد کی زندگی۔ جو کبھی فنا نہ ہوگی۔ مجازاً جنت کو بھی کہتے ہیں ۱۲ [9] ملاحظہ ہو ص۱۱ ہندسہ ۱۲۔

[10] مُنِعَ۔ ماضی مجہول۔ منع (ف)، مَنْعًا۔ روکنا ۱۲ [11] عَبْدٌ غلام اس کی بہت سی جمعیں آتی ہیں۔ عِبَاد عَبَدَة۔ عَبِیْدٌ۔ اَعْبُدٌ۔ اَعْبَادٌ۔ عَبْدُوْنَ۔ عُبُدَان۔ عِبْدَان وغیرہ۔ جمع الجمع اَعَابِدُ آتی ہے عَبَدَ (ن،ك) عِبَادَةً وَعُبُوْدِیَةً وَعُبُوْدَةً۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ پرستش کرنا ۱۲ [12] اَلْاِحْسَانُ نیکی کرنا۔ احسان کرنا۔ کسی چیز کو اچھی طرح کرنا۔ نیک سلوک کرنا۔ حَسُنَ (ك ن)، حُسْنًا۔ اچھا ہونا۔ خوبصورت اور حسین ہونا ۱۲ [13] اَلصِّدْقُ۔ بالکسر۔ سچ۔ یہ ضد ہے کِذْبٌ کی۔ صَدَقَ (ن) صَدْقًا وَصِدْقًا سچ بولنا ۱۲ [14] یُنْجِیْ۔ مضارع من باب الافعال۔ اَنْجٰی یُنْجِیْ اِنْجَاءً رہائی دلانا۔ نجات دلانا۔ مجرد میں نَجَا (ن)، نَجَاةً وَنَجَاءً نجات پانا۔ رہائی پانا ۱۲ [15] اَلْکِذْبُ۔ بکسر الاول وسکون الثانی وفتح الاول وکسر الثانی جھوٹ۔ غلط۔ کَذَبَ (ض)، کَذِبًا وَکِذْبًا جھوٹ بولنا۔ صفت کیلئے کَاذِبٌ آتا ہے ۱۲ [16] یُهْلِكُ۔ مضارع من باب الافعال اَهْلَکَهٗ اِهْلَاکًا۔ ہلاک کرنا۔ فنا کر دینا۔ ختم کرنا هَلَكَ (ض ف س)، هَلَاکًا۔ ہلاک ہونا۔ ختم ہونا۔ مرنا ۱۲

اِذَا فَاتَكَ الْاَدَبُ فَالْزَمِ الصَّمْتَ ۔ اِذَا فَاتَكَ الْحَيَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ

جب فوت ہوجائے تم سے ادب (یعنی تم میں ادب نہ ہو) تو لازم پکڑو خاموشی کو۔ جب فوت ہوجائے تم سے حیا، پس کرو تم جو چاہو۔

اَلْحَيٰوةُ كَظِلِّ الْجُدْرَانِ وَالنَّبَاتِ ۔ اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ خَيْرٌ مِّنَ الْجَاهِلِ الْمَرْزُوْقِ

زندگی دیواروں اور پودوں کے سایہ کے مانند ہے۔ تنگ دست عقلمند بہتر ہے خوش حال جاہل سے۔

اَلنَّحْوُ فِي الْكَلَامِ كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ ۔ اِنَّ الْبَلَاءَ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ

علم نحو بات چیت (کے حق) میں (ایسا ہے) جیسے نمک کھانے میں۔ بلاشبہ مصیبت مسلط کی جاتی ہے بولنے پر

[1] فَاتَ (ن) فَوْتًا وَفَوَاتًا۔ فوت ہونا۔ ختم ہونا۔ گذر جانا ۱۲ [2] اَلْاَدَبُ۔ ملاحظہ ہو ص۳ ہند س۱ ۱۲ [3] اِلْزَمْ امر من باب الافعال۔ اَلْزَمَ اِلْزَامًا لازم کرنا۔ واجب کرنا ۱۲ [4] اَلصَّمْتُ۔ بالفتح خاموشی۔ چپ رہنا۔ صَمَتَ (ن) صَمْتًا وصُمُوْتًا وصُمَاتًا۔ خاموش رہنا ۱۲ [5] اَلْحَيَاءُ۔ شرم۔ حیاء۔ کسی چیز کی طرف سے طبیعت میں انقباض پیدا ہونا حَيِيَ (س) حَيَاءً انقبض ہونا ۱۲ [6] شِئْتَ۔ ماضی صیغہ واحد مذکر حاضر۔ شَاءَ (س) شَيْئًا وَمَشِيْئَةً چاہنا ۱۲ [7] اَلْحَيٰوةُ ملاحظہ ہو ص۱ ہند س۱۲ ۱۲ [8] ظِلٌّ بالکسر سایہ جمع ظِلَالٌ۔ ظُلُوْلٌ۔ اَظْلَالٌ ۱۲ [9] جُدْرَانٌ بالضم جمع ہے جِدَارٌ کی بمعنی دیوار۔ اس کیلئے لفظ جِدَارٌ بھی آتا ہے۔ مگر اس کی جمع جُدُرٌ اور جُدْرٌ آتی ہے ۱۲ [10] اَلنَّبَاتُ۔ پودا۔ گھاس وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو زمین سے اُگے۔ واحد نَبَاتَةٌ آتا ہے۔ اسکی جمع نَبَاتَاتٌ اور اَنْبِتَةٌ آتی ہے ۱۲ [11] اَلْعَاقِلُ۔ ملاحظہ ہو ص۱ ہند س۱ ۱۲ [12] اَلْمَحْرُوْمُ (اسم مفعول) تنگدست۔ بدنصیب۔ حَرَمَ (ض۔ س) حِرْمًا حِرْمَانًا۔ اَلشَّيْئَ۔ روکنا۔ منع کرنا۔ محروم کرنا ۱۲ [13] اَلْمَرْزُوْقُ۔ (مفعول) خوش نصیب۔ خوش حال۔ رَزَقَهُ (ن) رِزْقًا۔ روزی دینا ۱۲ [14] اَلنَّحْوُ۔ اصل معنی جہت۔ جانب کے آتے ہیں۔ یہاں مراد علم نحو ہے۔ جس سے کلمات کے احوال معرب ومبنی ہونے کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ جمع اَنْحَاءٌ اور نُحُوٌّ آتی ہے ۱۲ [15] مِلْحٌ بالکسر۔ نمک، مذکر ومؤنث دونوں استعمال ہوتا ہے جمع مِلَحٌ۔ مِلْحَةٌ۔ مِلَاحٌ۔ اَمْلَاحٌ۔ مَاءٌ مِلْحٌ کھاری پانی کو کہتے ہیں مَلَحَ (ن۔ ض) مَلْحًا۔ اَلطَّعَامَ۔ کھانے میں نمک ڈالنا ۱۲ [16] اَلطَّعَامُ۔ کھانا۔ خوراک۔ جمع اَطْعِمَةٌ اور جمع الجمع اَطْعِمَاتٌ آتی ہے ۱۲ [17] اَلْبَلَاءُ۔ آزمائش۔ غم۔ بَلَا (ن) بَلْوًا وَبَلَاءً آزمائش کرنا۔ امتحان لینا [18] مُوَكَّلٌ۔ مفعول من باب التفعیل۔ وَكَّلَ۔ تَوْكِيْلًا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ وکیل بنانا ۱۲ [19] اَلْمَنْطِقُ۔ میم، مصدری ہے) بولنا۔ نَطَقَ (ض) نُطْقًا۔ بولنا۔ گفتگو کرنا ۱۲۔

اَبْصَرُ[1] النَّاسِ مَنْ نَظَرَ اِلٰی عُیُوْبِہٖ[2]۔ اَوَّلُ الْغَضَبِ[3] جُنُوْنٌ[4] وَّاٰخِرُہٗ نَدَمٌ[5]

لوگوں میں سب سے زیادہ دیکھنے والا وہ شخص ہے جو اپنے عیوب کی طرف دیکھے۔ غصہ کی ابتدا دیوانگی ہے اور اس کی انتہا ندامت۔

اِذَا قَلَّ[6] مَالُ الْمَرْءِ[7] قَلَّ صَدِیْقُہٗ[8]۔ اِصْلَاحُ[9] الرَّعِیَّۃِ[10] اَنْفَعُ[11] مِنْ کَثْرَۃِ الْجُنُوْدِ[12]

جب کم ہو جاتا ہے آدمی کا مال تو کم ہو جاتے ہیں اس کے دوست۔ رعایا کی اصلاح بادشاہ کیلئے زیادہ نفع بخش ہے لشکر کی کثرت سے۔

اَلْجَاھِلُ عَدُوٌّ[13] لِنَفْسِہٖ فَکَیْفَ یَکُوْنُ صَدِیْقًا[14] لِغَیْرِہٖ۔ اَلْجَاھِلُ یَطْلُبُ الْمَالَ وَالْعَاقِلُ

جاہل دشمن ہوتا ہے اپنے آپ کا پس کیسے دوست ہو سکتا ہے اپنے غیر کا۔ جاہل طلب کرتا ہے مال کو اور عقلمند

یَطْلُبُ الْکَمَالَ[15]

طلب کرتا ہے کمال کو۔

[1] اَبْصَرُ (اسم تفضیل) ملاحظہ ہو صفحہ ہدایت ۳ [2] عُیُوْبٌ۔ جمع عَیْبٌ کی، برائی۔ عیب۔ عَابَہٗ (ض) عَیْبًا عیب لگانا۔ عیب دار بنانا [3] اَلْغَضَبُ۔ غصہ۔ غَضِبَ (س) غَضَبًا غصہ ہونا [4] جُنُوْنٌ۔ پاگل پن۔ دیوانگی۔ اسی معنی میں جُنٌّ اور جِنَّۃٌ بھی آتا ہے۔ جَنَّ (ن) جَنًّا وَجُنُوْنًا۔ پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔ صفت کے لئے مَجْنُوْنٌ آتا ہے۔ یعنی پاگل جمع اسکی مَجَانِیْنُ آتی ہے [5] نَدَمٌ۔ شرمندگی۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ نَدِمَ (س) نَدَمًا وَنَدَامَۃً۔ پشیمان ہونا۔ پچھتانا۔ شرمندہ ہونا [6] قَلَّ (ض) قِلًّا وَقِلَّۃً کم ہونا۔ اسی سے قَلِیْلٌ آتا ہے بمعنی کم اس کی جمع قَلِیْلُوْنَ۔ اَقِلَّاءُ۔ قُلُلٌ۔ قُلُوْنَ آتی ہے۔ مؤنث کیلئے قَلِیْلَۃٌ آتا ہے اس کی جمع قَلِیْلَاتٌ اور قَلَائِلُ آتی ہے [7] اَلْمَرْءُ ملاحظہ صفحہ ہدایت ۳ [8] صَدِیْقٌ۔ بفتح الاول وکسر الثانی۔ بدون التشدید۔ دوست ساتھی۔ جمع اَصْدِقَاءُ۔ صَدْقَاءُ اور صُدْقَانٌ آتی ہے اور جمع الجمع اَصَادِقُ آتی ہے۔ صَدَقَ (ن) صَدْقًا وَصِدْقًا۔ سچ بولنا۔ خالص محبت کرنا [9] اَصْلَحَ اِصْلَاحًا درست کرنا۔ اچھا کرنا۔ صَلَحَ (ک ف ن) صَلَاحًا۔ درست ہونا۔ لائق ہونا [10] اَلرَّعِیَّۃُ۔ رعایا۔ پبلک، ماتحت لوگ۔ جمع رَعَایَا۔ رَعٰی (ف) رَعْیًا وَرِعَایَۃً۔ چرنا۔ چرانا۔ حفاظت ونگرانی کرنا۔ رَاعِیْ۔ حاکم اور چرواہے کو کہتے ہیں۔ جمع رُعَاۃٌ۔ رُعْیَانٌ۔ رُعَاءٌ اور رِعَاءٌ آتی ہے [11] اَنْفَعُ (اسم تفضیل) ملاحظہ صفحہ ہدایت ۳ [12] اَلْجُنُوْدُ جمع ہے جُنْدٌ کی۔ لشکر۔ فوج۔ اس کی جمع اَجْنَادٌ بھی آتی ہے اور واحد جُنْدِیٌّ آتا ہے۔ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَۃٌ جمع شدہ فوج۔ تَجَنَّدَ سپاہی بننا۔ فوج تیار کرنا [13] عَدُوٌّ۔ ملاحظہ ہو صفحہ ہدایت ۲ [14] صَدِیْقًا۔ ملاحظہ ہو صفحہ ہدایت ۳ [15] اَلْکَمَالُ کمال۔ پورا۔ کل۔ اسم مصدر ہے۔ کَمَلَ (ن ک س) کَمَالًا وَکُمُوْلًا۔ کامل ہونا۔ پورا ہونا۔

إِذَا تَكَرَّرَ[1] الْكَلَامُ عَلَى السَّمْعِ[2] تَقَرَّرَ[3] فِي الْقَلْبِ[4]. اَلْحَسَدُ[5] كَصُدَاءِ[6] الْحَدِيْدِ[7] لَا يَزَالُ[8]

جب مکرر ہوتا ہے کلام سننے میں تو بیٹھ جاتا ہے دل میں ۔ حسد لوہے کے زنگ کی طرح ہے، برابر اسکے ساتھ رہتا

بِهٖ حَتّٰى يَاكُلَهٗ[9]. اَلْقَلِيْلُ مَعَ التَّدْبِيْرِ[10] خَيْرٌ مِّنَ الْكَثِيْرِ مَعَ التَّبْذِيْرِ[11]. اُطْلُبِ الْجَارَ[12]

ہے یہاں تک کہ اسکو کھا لیتا ہے۔ تھوڑا (مال) تدبیر کے ساتھ بہتر ہے زیادہ (مال) سے (جو) فضول خرچی کے ساتھ ہو۔ تلاش

قَبْلَ الدَّارِ وَالرَّفِيْقَ[13] قَبْلَ الطَّرِيْقِ[14]. اَلْوَضِيْعُ[15] إِذَا ارْتَفَعَ[16] تَكَبَّرَ[17] وَإِذَا حَكَمَ[18] تَجَبَّرَ[19]

کرو پڑوسی کو گھر سے پہلے اور ساتھی کو راستہ (سفر) سے پہلے۔ کمینہ آدمی جب ترقی پاتا ہے تو تکبر کرتا ہے اور جب حاکم ہوتا ہے تو ظلم کرتا ہے

[1] تَكَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔ مکرر ہونا ۱۲ [2] اَلسَّمْعُ۔ بالفتح۔ کان۔ سننے کا حاسہ جمع اَسْمَاعٌ اور اَسْمُعٌ آتی ہے اور جمع الجمع اَسَامِعُ و اَسَامِيْعُ آتی ہے۔ سَمِعَ (س) سَمْعًا و سَمَاعًا۔ سننا ۱۲ [3] تَقَرَّرَ۔ راسخ ہونا۔ ثابت ہونا مجرد میں قَرَّ (س ض) قَرَارًا۔ قرار پکڑنا۔ ثابت رہنا۔ ٹھہرنا ۱۲ [4] اَلْقَلْبُ۔ دل۔ جمع قُلُوْبٌ۔ قَلَبَ (ض) قَلْبًا الٹنا۔ پلٹنا۔ متحرک ہونا۔ چونکہ دل بھی حرکت کرتا ہے۔ اس لئے اس کو قلب کہتے ہیں ۱۲ [5] اَلْحَسَدُ۔ کینہ۔ حسد۔ حَسَدَ (ن ض) حَسَدًا حسد کرنا۔ دوسرے کی نعمت کے زوال کی خواہش کرنا۔ صفت کیلئے حَاسِدٌ آتا ہے جمع حُسَّادٌ۔ حَسَدَةٌ۔ حُسَّدٌ آتی ہے ۱۲ [6] صُدَاءٌ بالضم زنگ۔ صَدِيَ (س) صَدًى اور صَدَأً (ك) صَدَاءَةً زنگ لگنا۔ صفت کیلئے صَدِئٌ آتا ہے بمعنی زنگ آلود ۱۲ [7] اَلْحَدِيْد۔ لوہا۔ آہن۔ اَكَلَ [8] لَا يَزَالُ۔ برابر باقی رہنا۔ قائم رہنا۔ زائل نہ ہونا۔ زَالَ (س ن) زَوَالًا۔ زائل ہونا۔ جدا ہونا۔ جاتا رہنا ۱۲ [9] (ن) اَكْلًا۔ اَلطَّعَامَ۔ کھانا ۱۲ [10] دَبَّرَ تَدْبِيْرًا۔ اَلْاَمْرَ۔ غور کرنا۔ انجام کو سوچنا۔ انتظام کرنا ۱۲ [11] بَذَّرَ الْمَالَ تَبْذِيْرًا۔ فضول خرچی کرنا۔ بَذَرَ (ن) بَذْرًا۔ اَلْمَالَ۔ فضول خرچی کرنا ۱۲ [12] اَلْجَارُ۔ پڑوسی۔ جمع جِيْرَانٌ۔ جِيْرَةٌ۔ جِوَارٌ اور اَجْوَارٌ آتی ہے۔ جَاوَرَ مُجَاوَرَةً۔ پڑوس میں رہنا ۱۲ [13] اَلرَّفِيْقُ۔ ساتھی جمع رُفَقَاءُ۔ رَفَقَ (ن س ك) رِفْقًا و مَرْفِقًا۔ مدد کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا ۱۲ [14] اَلطَّرِيْقُ۔ راستہ یہاں مراد سفر ہے۔ یہ لفظ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ جمع طُرُقٌ۔ اَطْرُقٌ۔ اَطْرِقَةٌ اور اَطْرِقَاءُ آتی ہے اور جمع الجمع طُرُقَاتٌ آتی ہے ۱۲ [15] اَلْوَضِيْعُ۔ کمینہ۔ خسیس۔ ذلیل۔ یہ شریف کی ضد ہے۔ وَضُعَ (ك) ضِعَةً و وَضَاعَةً ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا ۱۲ [16] اِرْتَفَعَ۔ بلند ہونا۔ اونچے عہدہ پر ہونا۔ رَفُعَ (ك) رِفْعَةً اونچے مرتبہ پر ہونا۔ صفت کیلئے رَفِيْعٌ آتا ہے۔ بمعنی بلند مرتبہ ۱۲ [17] تَكَبَّرَ۔ غرور کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا ۱۲ [18] حَكَمَ (ن) حُكْمًا و حُكُوْمَةً۔ بِـ۔ لَهٗ۔ عَلَيْهِ۔ فیصلہ کرنا۔ حاکم بننا۔ [19] تَجَبَّرَ۔ ظلم و زیادتی کرنا۔ مجبور کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا ۱۲

اَلْفَرَاغُ[1] مِنْ شَأْنِ[2] الْاَمْوَاتِ[3] وَالْاِشْتِغَالُ[4] مِنْ شَأْنِ الْاَحْيَاءِ[5]۔ اَلصَّدِيْقُ

[بیکار رہنا مُردوں کی حالت ہے۔ اور (کام میں) مشغول رہنا زندوں کی حالت ہے۔ سچا دوست

الصَّدُوْقُ[6] مَنْ يَنْصَحُكَ[7] فِيْ غَيْبِكَ[8] وَاٰثَرَكَ[9] عَلٰى نَفْسِهٖ۔ اَفْضَلُ النَّاسِ

وہ ہے جو خیر خواہی کرے تمہاری تمہارے پیٹھ پیچھے اور ترجیح دے تمکو اپنے اوپر لوگوں میں بہتر وہ شخص

مَنْ كَانَ بِعَيْبِهٖ[10] بَصِيْرًا[11] وَعَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ ضَرِيْرًا[12]۔ اَلْبُخْلُ[13] وَالْجَهْلُ مَعَ التَّوَاضُعِ[14]

جو اپنے عیب کو دیکھنے والا ہو۔ اور اپنے غیر کے عیب سے اندھا ہو۔ بخل اور جہالت تواضع کے ساتھ

خَيْرٌ مِّنَ الْعِلْمِ وَالسَّخَاءِ[15] مَعَ الْكِبْرِ[16]۔ اَجْهَلُ[17] النَّاسِ مَنْ يَمْنَعُ الْبِرَّ[18]

بہتر ہے (اس) علم اور سخاوت سے (جو) تکبر کے ساتھ ہو۔ لوگوں میں سب سے زیادہ جاہل وہ شخص ہے جو نیکی سے روکے

[1] اَلْفَرَاغُ۔ خالی رہنا۔ بیکار رہنا۔ فَرَغَ (ف ن س)، فَرَاغًا مِنَ الْعَمَلِ۔ کام سے خالی ہونا۔ [2] شَأْنٌ حالت۔ طبیعت۔ معاملہ۔ جمع شُئُوْنٌ۔ شِانٌ۔ شِئِيْنٌ آتی ہے۔ [3] اَلْاَمْوَات۔ ملاحظہ ہو ص۹ ہندسہ ۵ [4] اِشْتَغَلَ اِشْتِغَالًا بِكَذَا مشغول رہنا۔ کام میں لگے رہنا۔ اسی سے شَغْلٌ آتا ہے بمعنی مشغولیت اور مصروفیت جمع اَشْغَال اور شُغُوْلٌ آتی ہے۔ شَغَلَ (ف)، شُغْلًا بِهٖ مشغول رہنا۔ [5] اَلْاَحْيَاء۔ ملاحظہ ہو ص۱ ہندسہ ۱۱ [6] اَلصَّدُوْق۔ بالفتح صیغہ مبالغہ۔ بہت سچ بولنے والا۔ ملاحظہ ہو ص۱۴ ہندسہ ۱۵ [7] نَصَحَ (ف)، نُصْحًا۔ نصیحت کرنا۔ صفت کیلئے نَاصِحٌ آتا ہے۔ جمع اسکی نُصَّاحٌ اور نُصَحَاءُ آتی ہے۔ [8] غَيْبٌ ہر وہ چیز جو ہم سے غائب ہو جمع غِيَابٌ اور غُيُوْبٌ آتی ہے۔ غَابَ (ض)، غَيْبًا وَغَيْبَةً غائب ہونا۔ موجود نہ رہنا۔ [9] اٰثَرَ اِيْثَارًا۔ ترجیح دینا۔ فضیلت دینا۔ [10] بعیبه ملاحظہ ہو ص۱ ہندسہ ۱۶ [11] بَصِيْرًا ملاحظہ ہو ص۱۳ ہندسہ ۹ [12] ضَرِيْرٌ۔ اندھا۔ اعمیٰ جمع اَضِرَّاءُ اور اَضْرَاءُ آتی ہے۔ مؤنث کیلئے ضَرِيْرَةٌ آتا ہے اس کی جمع ضَرَائِرُ آتی ہے۔ [13] اَلْبُخْلُ کنجوس ہونا۔ بخیل ہونا۔ بَخِلَ (س ك)، بُخْلًا۔ بُخْلًا کنجوس ہونا صفت بَخِيْلٌ آتی ہے۔ جمع بُخَلَاءُ۔ [14] تَوَاضَعَ تَوَاضُعًا خاکسار رہنا۔ عاجز ہونا۔ منکر المزاج ہونا۔ ذلیل ہونا ملاحظہ ہو ص۱ ہندسہ ۵ [15] سَخَا (ن)، سَخَاءً وَسَخَاوَةً سخی ہونا۔ فیاضی کرنا۔ بخشش کرنا۔ اسی سے سَخِيٌّ آتا ہے جمع اَسْخِيَاءُ آتی ہے اور مؤنث کیلئے سَخِيَّةٌ آتا ہے اس کی جمع سَخَايَا اور سَخِيَّاتٌ آتی ہے۔ [16] اَلْكِبْرُ۔ بالکسر غرور ملاحظہ ہو ص۸ ہندسہ ۵ [17] اَجْهَلُ (اسم تفضیل)، ملاحظہ ہو ص۱ ہندسہ ۱۳ [18] اَلْبِرُّ۔ بالکسر نیکی سچائی۔ طاعت۔ صلاحیت۔ بَرَّ (ن ض)، بِرًّا وَمَبَرَّةً حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ اطاعت کرنا۔ صفت کے لئے بَرٌّ اور بَارٌّ آتا ہے اول کی جمع اَبْرَارٌ اور ثانی کی جمع بَرَرَةٌ آتی ہے۔

وَيَطْلُبُ الشُّكْرَ وَيَفْعَلُ الشَّرَّ وَيَتَوَقَّعُ الْخَيْرَ ۔ اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

اور طالب ہے شکر کا اور کرے برائی اور امید رکھے بھلائی کی ۔ رہنمائی کرنے والا بھلائی پر اسکے کرنیوالے کے مانند ہے

اَلْقَلَمُ شَجَرَةٌ ثَمَرُهَا الْمَعَانِيْ ۔ كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ ۔ مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ ۔ مَنْ

قلم ایسا درخت ہے جس کے پھل معانی ہیں ۔ جیسا معاملہ کرو گے ویسا ہی تمہارے ساتھ کیا جائیگا جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہوا

ضَحِكَ ضُحِكَ ۔ مَنْ جَدَّ وَجَدَ ۔ ثَمَرَةُ الْعَجَلَةِ النَّدَامَةُ ۔ سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ

جو دوسروں پر ہنسے گا اس پر بھی ہنسا جائیگا جس نے کوشش کی مقصد پا لیا ۔ جلد بازی کا نتیجہ شرمندگی ہے ۔ قوم کا سردار انکی خدمت کرنیوالا ہوتا ہے

۱ شَكَرَ (ن) شُكْرًا ۔ شکر کرنا ۔ کسی کے سلوک پر تعریف کرنا ۔ صفت کیلئے شَاكِرٌ آتا ہے جمع شَاكِرُوْنَ اور شُكَّرٌ آتی ہے ۔ ۲ اَلشَّرُّ ۔ یہ خیر کی ضد ہے ۔ برائی ۔ جمع شُرُوْرٌ ۔ شَرَّ (ن) شَرًّا فُلَانًا ۔ برائی کی طرف منسوب کرنا ۔ اسی سے شِرِّيْرٌ آتا ہے بمعنی شرارت کرنیوالا جمع اَشْرَارٌ اور اَشِرَّاءُ آتی ہے ۔ ۳ يَتَوَقَّعُ ۔ مضارع من باب التفعل تَوَقَّعَ الْاَمْرَ ۔ امید لگانا ۔ ۴ اَلْخَيْرُ ملاحظہ ہو صفحہ ۱۲ ہندسہ ۲ ۔ ۵ اَلدَّالُّ (اسم فاعل) رہنمائی کرنیوالا دَلَّ (ن) دَلَالَةً ۔ رہنمائی کرنا ۔ راستہ دکھانا ۔ اسی سے دَلِيْلٌ آتا ہے ۔ وہ چیز جس سے رہنمائی حاصل ہو ۔ جمع اَدِلَّةٌ اور اَدِلَّاءُ آتی ہے ۔ ۶ اَلْقَلَمُ ۔ بفتحتین ۔ قلم تراشنے اور بن جانیکے بعد ہی قلم کہنا درست ہے ۔ تراشنے سے قبل اس کو قَصَبَةٌ اور يَرَاعَةٌ کہا جاتا ہے جمع اَقْلَامٌ اور قِلَامٌ آتی ہے ۔ ۷ شَجَرَةٌ ۔ بفتحتین درخت جمع شَجَرَاتٌ اور شَجَرٌ کی جمع اَشْجَارٌ اور شَجْرَاءُ آتی ہے ۔ ۸ ثَمَرٌ پھل ۔ واحد ثَمَرَةٌ آتا ہے ۔ جمع ثِمَارٌ آتی ہے اور جمع الجمع اَثْمَارٌ اور ثُمُرٌ آتی ہے ۔ ثَمَرَ (ن) ثُمُوْرًا ۔ اَلشَّجَرُ پھل دار ہونا ۔ ۹ اَلْمَعَانِيْ ۔ جمع ہے معنی کی ۔ مراد ۔ مقصد ۔ عَنٰى (ض) عَنْيًا ۔ مراد لینا ۔ ۱۰ دَانَ (ض) دِيْنًا وَتَدَيُّنًا ۔ طریقہ اختیار کرنا ۔ معاملہ کرنا ۔ ۱۱ ظَفِرَ (س) ظَفَرًا بِهٖ (عَلَيْهِ) کامیاب ہونا ۔ ۱۲ ضَحِكَ (س) ضَحِكًا وَضُحْكًا ہنسنا ۔ ضَاحِكٌ ہنسنے والے کو کہتے ہیں ۔ ۱۳ جَدَّ (ن) جِدًّا کوشش کرنا ۔ ۱۴ وَجَدَ (ض) وَجْدًا وَوُجُوْدًا پانا ۔ کم ہونے کے بعد پالینا ۔ ۱۵ اَلْعَجَلَةُ (محرکۃ) ۔ جلدی ۔ گاڑی کے معنی میں بھی آتا ہے جمع عَجَلٌ ، عِجَالٌ اور اَعْجَالٌ آتی ہے ۔ عَجِلَ (س) عَجَلًا و عَجَلَةً ۔ جلدی کرنا ۔ ۱۶ اَلنَّدَامَةُ ۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۱۶ ہندسہ ۵ ۔ ۱۷ سَيِّدٌ ۔ بفتح الاول وکسر الثانی مع التشدید ۔ اور کبھی کبھی تخفیف کے خیال سے سَيْدٌ بھی بولا جاتا ہے ۔ جمع اَسْيَاد ۔ سَادَةٌ اور سَيَائِدُ آتی ہے ۔ سَادَ (ن) سِيَادَةً ۔ قَوْمَهٗ ۔ سردار ہونا ۔ ۱۸ اَلْقَوْمُ ۔ مذکر ۔ آدمیوں کی جماعت ۔ جمع اَقْوَام ۔ اَقَاوِم اَقَائِمُ اور اَقَاوِيْمُ آتی ہے ۔

خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَاطُهَا ۔ کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ ۔ قِصَصُ الْاَوَّلِیْنَ مَوَاعِظُ الْاٰخِرِیْنَ

کاموں میں بہترین اوسط درجہ کے ہیں۔ ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے۔ اگلوں کے قصے بعد والوں کے لئے نصیحت ہیں

رَاْسُ الْحِکْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ ۔ زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا ۔ لَیْسَ الْخَبَرُ کَالْمُعَایَنَةِ

دانائی کی اصل اللہ سے ڈرنا ہے۔ زیارت کرو تم ایک روز ناغہ کرکے تو زیادہ محبوب ہوجاؤ گے۔ خبر یعنی سننا دیکھنے کے مانند

عِنْدَ الرِّهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِقُ ۔ حُبُّ الشَّیْءِ یُعْمِیْ وَیُصِمُّ ۔ جَزَاءُ مَنْ

برابر نہیں ہوتا ہے۔ گھوڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں۔ شیٔ کی محبت اندھا اور بہرا بنادیتی ہے۔ اس شخص

یَکْذِبُ اَنْ لَا یُصَدَّقَ ۔ خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَنْفَعُ النَّاسَ

کی سزا جو جھوٹ بولے یہ ہے کہ اسکی بات نہ مانی جائے۔ لوگوں میں بہترین وہ شخص ہے جو لوگوں کو نفع پہونچائے۔

۱؎ اَوْسَاطٌ۔ جمع ہے وَسَطٌ کی۔ درمیانی۔ بیچ۔ وَسَطَ (ض) وَسْطًا۔ بیچ میں ہونا ؎۲ جَدِیْدٌ۔ نیا جمع جُدُدٌ جَدَّ (ض) جِدَّةً۔ اَلثَّوْبُ۔ نیا ہونا ؎۳ لَذِیْذٌ۔ مزے دار۔ لذیذ جمع لُذٌّ اور لِذَاذٌ آتی ہے۔ لَذَّ (س) لَذًّا۔ لذیذ پانا ؎۴ قِصَصٌ جمع ہے قِصَّةٌ کی۔ بات۔ حالت۔ واقعہ اس کی جمع اَقَاصِیْص بھی آتی ہے۔ قَصَّ (ن) قَصَصًا (عَلَیْهِ الْخَبَرَ) بیان کرنا ؎۵ مَوَاعِظُ۔ ملاحظہ ہو صـ۹ ہند ۱۴ ؎۶ رَاْس۔ ملاحظہ ہو صـ۱۳ ہند ۱۴ ؎۷ خَافَ (س) خَوْفًا وَمَخَافَةً۔ ڈرنا ؎۸ زُرْ۔ زَارَ (ن) زِیَارَةً۔ ملاقات کے لئے جانا۔ زیارت کرنا ؎۹ غَبَّ (ن) غِبًّا وَغَبًّا۔ ایک دن ناغہ کرکے ملاقات کرنا۔ چند دن کے بعد ملاقات کرنا ؎۱۰ تَزْدَدْ۔ مضارع من الازدیاد۔ اصل میں تَزْدَادُ تھا۔ جواب امر کی وجہ سے دال مجزوم ہوگئی۔ اِزْدَادَ۔ اِزْدِیَادًا زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا۔ لازم اور متعدی دونوں مستعمل ہے۔ مجرد میں زَادَ (ض) زِیَادَةً۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ زیادہ کرنا ؎۱۱ حُبًّا ملاحظہ صـ۱۲ ہند ۱۴ ؎۱۲ اَلْمُعَایَنَةِ۔ عَایَنَ۔ مُعَایَنَةً وَعِیَانًا۔ خود دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا ؎۱۳ اَلرِّهَانُ۔ بالکسر۔ گھوڑ دوڑ۔ شرط لگانے کے گھوڑے۔ رَاهَنَهُ عَلَی الْخَیْلِ۔ دوڑنے کیلئے شرط لگانا ؎۱۴ اَلسَّوَابِقُ۔ جمع ہے سَابِقَةٌ کی۔ گھوڑ دوڑ میں سب سے آگے نکل جانے والا گھوڑا۔ سَبَقَ (ن ض) سَبْقًا۔ اِلیٰ کذا آگے بڑھنا ؎۱۵ یُعْمِیْ۔ ملاحظہ ہو صـ۲ ہند ۱۳ ؎۱۶ یُصِمُّ۔ مضارع من الافعال۔ اَصَمَّ۔ بہرا کرنا صَمَّ (س) صَمَمًا۔ بہرا ہونا۔ اَصَمُّ بہرے آدمی کو کہتے ہیں۔ ؎۱۷ جَزَیٰ۔ (ض) جَزَاءً بدلہ دینا ؎

مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ مَنْ لَمْ يَقْنَعْ لَمْ يَشْبَعْ۔ مَنْ كَثُرَ الرُّقَادُ حُرِمَ الْمُرَادَ

جو شخص رحم نہیں کرتا وہ رحم نہیں کیا جاتا۔ جس نے قناعت نہیں کی وہ آسودہ نہیں ہوا۔ جو شخص زیادہ سوئے گا وہ مراد سے محروم رہیگا

حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ۔ طُوْلُ التَّجَارِبِ زِيَادَةٌ فِي الْعَقْلِ

دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے۔ تجربوں کا بڑھنا عقل میں زیادتی کرنے والا ہے۔

بِالْعَمَلِ يُحْصَلُ الثَّوَابُ لَا بِالْكَسَلِ۔ مَنْ حَفِظَ لِسَانَهُ قَلَّتْ نَدَامَتُهُ۔ كُلُّ

عمل سے ہی ثواب حاصل ہوتا ہے نہ کہ سستی سے۔ جو حفاظت کرے گا اپنی زبان کی اسکی پشیمانی کم ہوگی۔ ہر

إِنَاءٍ يَنْضَحُ بِمَا فِيْهِ۔ مَنْ قَلَّ صِدْقُهُ قَلَّ صَدِيْقُهُ۔ مَنْ كَثُرَ لَغَطُهُ

برتن ٹپکاتا ہے اس چیز کو جو اس میں ہوتی ہے۔ وہ شخص جس کی سچائی کم ہوگی اسکے دوست کم ہونگے۔ جو زیادہ بولے گا اسکی

كَثُرَ غَلَطُهُ۔ مَنْ كَثُرَ مِزَاحُهُ زَالَتْ هَيْبَتُهُ۔ فَخْرُكَ بِفَضْلِكَ خَيْرٌ مِنْهُ

غلطیاں زیادہ ہوں گی۔ وہ شخص جس کی خوش طبعی زیادہ ہوگی اسکا رعب ختم ہوجائیگا۔ تیرا فخر کرنا اپنے کمال پر بہتر ہے بہ نسبت

بِأَصْلِكَ۔ مَنْ مَنَّ بِمَعْرُوْفِهِ أَفْسَدَهُ۔ مَنْ قَلَّ حَيَاؤُهُ كَثُرَ ذَنْبُهُ۔

اپنی اصل پر فخر کرنے کے۔ جس نے احسان جتایا اپنی بھلائی پر اس نے برباد کردیا۔ وہ شخص جس کی حیاء کم ہوگی اس کے گناہ زیادہ ہونگے

ا يَقْنَعْ. ملاحظہ ہو صفحہ بند ۱۲ ۲ شَبِعَ (س) شِبَعًا. شکم سیر ہونا۔ آسودہ ہونا۔ شَبْعَانُ. شکم سیر کو کہتے ہیں۔
۳ رَقَدَ (ن) رُقُوْدًا، رُقَادًا سونا ۱۲ ۴ خَطِيْئَةٌ. گناہ۔ غلطی۔ جمع خَطَايَا خَطِيْئَاتٌ۔ خَطِئَ (س) خِطْأً وَأَخْطَأَ إِخْطَاءً غلطی کرنا۔ ۵ اَلتَّجَارِبُ جمع ہے تَجْرِبَةٌ کی بمعنی تجربہ۔ جَرَّبَهُ تَجْرِيْبًا وَتَجْرِبَةً آزمانا۔ تجربہ کرنا ۱۲ ۶ اَلْكَسَلُ. سستی۔ كَسِلَ (س) كَسَلًا کاہل اور سست ہونا صفت کے لئے كَسِلٌ اور كَسْلَانُ آتا ہے۔ بمعنی سست جمع اسکی كُسَالَىٰ اور كَسَالَىٰ آتی ہے ۱۲ ۷ لِسَانٌ. زبان۔ اس کا استعمال مذکر ومؤنث دونوں ہوتا ہے۔ لیکن زیادہ تر مذکر استعمال ہوتا ہے جمع أَلْسِنَةٌ. أَلْسُنٌ. لُسُنٌ اور لِسَانَاتٌ آتی ہے ۱۲ ۸ إِنَاءٌ. بالکسر۔ برتن۔ جمع آنِيَةٌ اور جمع الجمع أَوَانٍ آتی ہے ۱۲ ۹ نَضَحَ (ف) نَضْحًا الْإِنَاءُ. برتن کا ٹپکنا ۱۲ ۱۰ لَغَطَ (ف) لَغْطًا. اَلْقَوْمُ شور کرنا ۱۲ ۱۱ مِزَاحٌ. دل لگی۔ ہنسی مذاق۔ مَزَحَ (ف) مَزْحًا. ہنسی مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا ۱۲ ۱۲ هَابَ (س) هَيْبًا وَهَيْبَةً. خوف کرنا۔ ڈرنا۔ تعظیم وتکریم کرنا۔ یہاں مراد ہیبت سے وقار اور رعب ہے ۱۲ ۱۳ مَنَّ (ف) مَنًّا وَمِنَّةً. احسان جتانا ۱۲ ۱۴ مَعْرُوْفٌ. احسان نیکی خیر۔ عَرَفَ (ض) عِرْفَانًا. جاننا پہچاننا ۱۲ ۱۵ ذَنْبٌ. جمع ذُنُوْبٌ اور جمع الجمع ذُنُوْبَاتٌ آتی ہے ۱۲

مَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ[1] كَثُرَتْ اِخْوَانُهُ[2]. مَنْ كَتَمَ[3] سِرَّهُ[4] بَلَغَ مُرَادَهُ. مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا

وہ شخص جس کے اخلاق اچھے ہوں تو اس کے بھائی (ہمدرد) زیادہ ہوتے ہیں. جس نے اپنا راز چھپایا اس نے اپنا مقصد پالیا. جو کوئی

اَكْثَرَ ذِكْرَهُ. مَنْ وَقَّرَ[5] اَبَاهُ طَالَتْ اَيَّامُهُ. مَنْ طَالَ عُمْرُهُ[6] فَقَدَ[7]

محبت کرتا ہے کسی چیز سے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے. جو شخص تعظیم کریگا اپنے باپ کی اس کی عمر دراز ہوگی. وہ شخص جس کی عمر دراز ہوگی

اَحِبَّتَهُ[8]. تَعَاشَرُوا[9] كَالْاِخْوَانِ وَتَعَامَلُوا[10] كَالْاَجَانِبِ[11]. خَيْرُ الْمَالِ مَاوُقِيَ[12]

دوست ختم ہوجائیں گے. زندگی گذارو بھائیوں کی طرح اور معاملہ کرو اجنبیوں کی طرح. بہترین مال وہ ہے کہ جس سے آبرو

بِهِ الْعِرْضُ[13]. جَرْحُ[14] الْكَلَامِ اَشَدُّ مِنْ جَرْحِ السِّهَامِ[15]. وَحْدَةُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ

محفوظ رہے. بات کا زخم سخت ہوتا ہے تیر کے زخم سے. آدمی کا اکیلا رہنا بہتر ہے برے

جَلِيْسِ[16] السُّوْءِ[17]. شَرُّ النَّاسِ الْعَالِمُ لَا يَنْفَعُ بِعِلْمِهٖ. شَخْصٌ بِلَا اَدَبٍ

ساتھی سے. لوگوں میں بُرا وہ عالم ہے جو اپنے علم سے نفع نہ پہونچائے. ایسا شخص جو بے ادب ہو

كَجَسَدٍ[18] بِلَا رُوْحٍ

اس جسم کے مانند ہے جو بغیر روح کے ہو.

---

(۱) خُلُقٌ. بضم الاول وسکون الثانی مع فتحہ. عادت. خصلت. طبیعت. مروت. جمع اَخْلَاقٌ آتی ہے. (۲) اِخْوَانٌ بالکسر. جمع ہے اَخٌ کی. بھائی. دوست. ساتھی. اس کی جمع اِخْوَةٌ. اُخْوَةٌ. اُخْوَانٌ. اِخَاءٌ اور اِخْوَانٌ بھی آتی ہے. (۳) كَتَمَ (ن) كَتْمًا. كِتْمَانًا چھپانا. (۴) سِرٌّ. بالکسر. راز. بھید جمع اَسْرَارٌ. (۵) وَقَّرَ. تَوْقِيْرًا تعظیم کرنا. (۶) عُمْرٌ. بالضم الاول وفتحہ وسکون الثانی مع فتحہ. زندگی. عمر. جمع اَعْمَارٌ آتی ہے. (۷) فَقَدَ (ض) فَقْدًا و فِقْدَانًا. کھودینا. گم کردینا. فَقِيْدٌ گم شدہ کو کہتے ہیں. (۸) اَحِبَّةٌ. جمع ہے حَبِيْبٌ کی. یار. دوست. عاشق. معشوق. اس کی جمع اَحِبَّاءُ اور اَحْبَابٌ بھی آتی ہے. (۹) تَعَاشَرُوْا. امر من التَّعَاشُرِ. ایک دوسرے کے ساتھ رہنا. زندگی گذارنا. (۱۰) تَعَامَلُوْا امر من التعامل. بعض کے ساتھ معاملہ کرنا. (۱۱) اَلْاَجَانِبُ. جمع ہے اَجْنَبٌ کی. اجنبی. مسافر. (۱۲) وُقِيَ. ماضی مجہول. وَقَى (ض) وِقَايَةً. بچانا. حفاظت کرنا. (۱۳) اَلْعِرْضُ. بالکسر. عزت. آبرو. جمع اَعْرَاضٌ. (۱۴) جَرَحَ (ف) جَرْحًا زخمی کرنا اور جَرِحَ (س) جَرَحًا زخمی ہونا. (۱۵) اَلسِّهَامُ بالکسر جمع ہے سَهْمٌ کی. تیر. اس کی جمع اَسْهُمٌ. سُهْمَةٌ اور سُهْمَانٌ آتی ہے. (۱۶) جَلِيْسٌ. ساتھی. ہمنشیں. جمع جُلَسَاءُ اور جُلَّاسٌ آتی ہے. اور جَالِسٌ کی جمع بھی جُلَّاسٌ اور جُلُوْسٌ آتی ہے. جَلَسَ (ض) جُلُوْسًا بیٹھنا. (۱۷) اَلسُّوْءُ. بالضم. برائی. شر. فساد. جمع اَسْوَاءٌ آتی ہے. سَاءَ (ن) سَوَاءً برا ہونا. (۱۸) جَسَدٌ بفتحتین. بدن. انسانی جثہ. جمع اَجْسَادٌ آتی ہے.

يُصْبَرُ عَلَى نَقْلِ⁽¹⁾ الْجِبَالِ لِاَجْلِ⁽²⁾ الْمَالِ. عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَحَمْلٍ⁽³⁾ عَلَى جَمَلٍ⁽⁴⁾. سَلِ⁽⁵⁾

صبر کیا جاتا ہے پہاڑوں کے منتقل کرنے پر بھی مال حاصل کرنے کیلئے۔ علم بغیر عمل کے بوجھ کے مانند ہے جو اونٹ پر ہو

الْمُجَرِّبَ⁽⁶⁾ وَلَا تَسْأَلِ الْحَكِيمَ. لَيْسَ مِنْ عَادَةِ الْكِرَامِ سُرْعَةُ الْاِنْتِقَامِ. مَنْ

پوچھ تجربہ کار سے اور مت پوچھ عقلمند سے۔ نہیں ہے شریفوں کی عادت سے جلدی بدلہ لینا۔ جس نے طمع کیا

طَمِعَ⁽⁷⁾ فِي الْكُلِّ فَاتَهُ الْكُلُّ. تَاجُ⁽⁸⁾ الْمَلِكِ عَفَافُهُ⁽⁹⁾ وَحِصْنُهُ⁽¹⁰⁾ اِنْصَافُهُ. سُلْطَانٌ

کل کے حاصل کرنے میں اس سے کل فوت ہوگیا۔ بادشاہ کا تاج اس کی پاکدامنی ہے اور اسکا قلعہ اسکا انصاف ہے۔ غیر منصف

بِلَا عَدْلٍ كَنَهْرٍ⁽¹¹⁾ بِلَا مَاءٍ. مَنْ نَقَلَ اِلَيْكَ فَقَدْ نَقَلَ عَنْكَ. خُذْهُ بِالْمَوْتِ

بادشاہ بے پانی کی نہر کے مانند ہے۔ جو اوروں کی باتیں تجھ سے نقل کرتا ہے وہ یقیناً نقل کریگا تیری باتیں بھی۔ پکڑ اس

حَتّٰى يَرْضٰى بِالْحُمّٰى⁽¹²⁾. لَا يُلْدَغُ⁽¹³⁾ الْمَرْءُ مِنْ جُحْرٍ⁽¹⁴⁾ مَرَّتَيْنِ. مَنْ كَتَمَ سِرَّهٗ كَانَ

کو موت کے ساتھ تا کہ راضی ہو جائے بخار پر۔ نہیں ڈسا جاتا آدمی ایک سوراخ سے دو مرتبہ۔ جس نے چھپایا اپنا راز۔ اختیار

الْخِيَارُ⁽¹⁵⁾ فِي يَدِهٖ

د عزت) اس کے ہاتھ میں رہتی

۱ اِسْتَدْعَى، فعل ماضی من باب الاستفعال۔ اِسْتَدْعَى الشيءَ۔ طلب کرنا ۲ سَنَانِيرُ جمع ہے سِنَّوْرٌ کی، بلی۔ اسکے لئے سِنَّارٌ بھی آتا ہے ۳ الشِّمَاعُ، موم، موم بتی، کبھی چراغ اور لالٹین کو بھی کہتے ہیں، یہ لفظ شِمَاعٌ مجھے لغت میں کہیں نہیں ملا۔ کیونکہ شَمْعٌ کی جمع شُمُوعٌ اور شَمْعَةٌ کی جمع شَمْعَاتٌ آتی ہے، لفظ شِمَاعٌ کے ساتھ کوئی جمع میری نظر سے نہیں گذری ۴ أَمْهِلْنِي، فعل امر ہے إِمْهَالٌ سے۔ مہلت دو مجھکو، أَمْهَلَهُ وَمَهَّلَهُ الدَّيْنَ۔ مہلت دینا ۵ كُمٌّ، بالضم۔ آستین جمع أَكْمَامٌ اور كِمَمَةٌ آتی ہے ۶ فَارَةٌ۔ ملاحظہ ہو ملٹہ ہندسٹہ ۷ رَبَطَ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا ۸ رِجْلٌ بالکسر، پاؤں، جمع أَرْجُلٌ آتی ہے۔ یہ کلمہ مؤنث ہے، انسان کے اعضاء میں سے جو عضو کرر ہے وہ سب مؤنث استعمال ہوتا ہے ۹ خَيْطًا، بالفتح تاگا۔ جمع خُيُوطٌ، أَخْيَاطٌ اور خُيُوطَةٌ آتی ہے ۱۰ تَبِعَتْ، فعل ماضی صیغہ واحد مؤنث غائب۔ تَبِعَ (س) تَبَعًا وتَبَاعًا، پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ مطیع ہونا ۱۱ يَحْتَرِقُ، مضارع از احتراق اِحْتَرَقَ وتَحَرَّقَ جلنا ۱۲ دَرٌّ، بالفتح دودھ اور خون تو اصل معنی آتے ہیں، لیکن خوبی اور خوشحالی کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے، چنانچہ یہاں خوبی کے معنی میں ہے

٢٠. **حِكَايَةٌ** . اَتَى مَكْفُوْفٌ[1] نَخَّاسًا[2] فَقَالَ لَهٗ اُطْلُبْ لِيْ حِمَارًا لَيْسَ

آیا ایک اندھا (جانور بیچنے) ایک تاجر کے پاس اور کہا تاجر سے تلاش کردو میرے لئے ایک گدھا

بِالصَّغِيْرِ الْمُحْتَقَرِ[3] وَلَا بِالْكَبِيْرِ الْمُشْتَهِرِ اِنْ خَلَى[4] الطَّرِيْقَ تَدَفَّقَ[5] وَاِنْ كَثُرَ الزِّحَامُ[6]

جو نہ چھوٹا (اور) حقیر ہو اور نہ بہت ہی بڑا، اگر خالی پائے راستہ تو تیز دوڑے اور اگر زیادہ ہو بھیڑ تو آہستہ

تَرَفَّقَ[7] لَا يُصَادِمُ[8] فِي السَّوَارِيْ[9] وَلَا يُدْخِلُنِيْ تَحْتَ الْبَوَارِيْ[10] اِنْ اَقْلَلْتُ[11] عَلَفَهٗ[12]

چلے۔ نہ ٹکرائے کھمبوں سے اور نہ داخل کرے مجھکو ہلاکتوں میں، اگر کم کردوں میں اس کا چارہ

صَبَرَ وَاِنْ كَثَّرْتُهٗ شَكَرَ، وَاِنْ رَكِبْتُهٗ هَامَ[13]، وَاِنْ تَرَكْتُهٗ نَامَ، فَقَالَ

تو صبر کرے اور اگر زیادہ کردوں تو شکر کرے اور اگر سوار ہو جاؤں تو سیدھا چلے، اور اگر چھوڑ دوں اسکو تو سو جائے پس کہا

[1] مَكْفُوْفٌ، اندھا۔ نابینا اسکے لئے كَفِيْفٌ بھی آتا ہے، جمع مَكَافِيْفُ آتی ہے، كَفَّ (ن) كَفًّا وَكُفَّ بَصَرُهٗ نابینا ہونا، اندھا ہونا ۱۲ [2] نَخَّاسًا، جانوروں کی تجارت کرنیوالا، دَلَّال ۱۲ [3] اَلْمُحْتَقَرُ، اسم مفعول، لائق حقارت اِحْتَقَرَهٗ، چھوٹا سمجھنا، ذلیل سمجھنا، مجرد میں بھی (ض سے) اسی معنی میں آتا ہے ۱۲ [4] خَلَّى تَخْلِيَةً، چھوڑنا، آزاد کرنا۔ خَلَى (ن) خُلُوًّا خالی ہونا اور خَلَا (ن) خَلْوَةً وَخَلَاءً، اکیلا ہونا، تنہائی میں ملنا ۱۲ [5] تَدَفَّقَ الدَّابَّةُ، جانور کا تیز دوڑنا ۱۲ [6] اَلزِّحَامُ، بھیڑ، تنگی، قیامت کے دن کو يَوْمُ الزِّحَامِ کہتے ہیں، کیونکہ اس دن تمام امتیں اکٹھا ہونگی اور بھیڑ ہوگی۔ زَحَمَهٗ (ف) زَحْمًا وَزِحَامًا، بھیڑ کرنا، تنگ کرنا ۱۲ [7] تَرَفَّقَ بِهٖ، نرمی اور مہربانی کا برتاؤ کرنا، مراد یہاں آہستہ چلنا ہے ۱۲ [8] لَا يُصَادِمُ فعل مضارع منفی، صَادَمَهٗ مُصَادَمَةً، مارنا، ٹکرانا۔ صَدَمَهٗ (ض)، صَدْمًا، ہٹانا۔ آپڑنا ۱۲ [9] اَلسَّوَارِيْ جمع ہے سَارِيَةٌ کی ستون، کھمبا۔ مادہ (س، ر، ی) ہے۔ سَرِيَ (ض)، سِرَايَةً، عِرْقُ الشَّجَرَةِ، درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چلا جانا ۱۲ [10] اَلْبَوَارِيْ، ہلاکت، دَارُ الْبَوَارِ، ہلاکت کا گھر، یعنی دوزخ کو کہتے ہیں۔ بَارَ (ن)، بَوْرًا وَبَوَارًا، ہلاک ہونا ۱۲ [11] اَقْلَلْتُ فعل ماضی صیغہ واحد متکلم از اِقْلَالٌ۔ اَقَلَّ الشَّيْءَ کم کرنا۔ قَلَّ (ض)، قِلًّا وَقِلَّةً، کم ہونا، قلیل ہونا ۱۲ [12] عَلَفٌ بفتحتین، چارہ، جمع اَعْلَافٌ، عِلَافٌ اور عُلُوْفَةٌ آتی ہے۔ عَلَفَ (ض)، عَلْفًا وَاَعْلَفَ الدَّابَّةَ، جانور کو چارہ ڈالنا۔ عَلُوْفَةٌ اس جانور کو کہتے ہیں جو صرف چارہ ہی کھاتا ہو ۱۲ [13] هَامَ (ض)، هَيْمًا وَهُيُوْمًا، عَلٰى وَجْهِهٖ آوارہ پھرنا۔ یہاں مراد سیدھا چلنا ہے ۱۲

لَہٗ اِصبِرْ اِنْ مَسَخَ اللّٰہُ القَاضِیَ حِمَارًا قَضَیْتُ حَاجَتَكَ

اس سے تاجر نے صبر کرو تم، اگر اللہ تعالیٰ قاضی کو گدھا بنا دے تو پوری کر دونگا میں تمہاری ضرورت کو

۳۱. **حکایۃ** قِیلَ اِنَّ الھُدھُدَ قَالَ لِسُلَیْمَانَ اِنِّی اُرِیْدُ اَنْ تَکُوْنَ فِیْ

کہا گیا ہے کہ ہُدہُد نے کہا حضرت سلیمان علیہ السلام سے تحقیق کہ میں چاہتا ہوں کہ شریک

ضِیَافَتِی فَقَالَ لَہٗ سُلَیْمَانُ اَنَا وَحْدِی قَالَ لَا بَلْ اَنْتَ وَالعَسْکَرُ فِیْ

رہیں آپ میری مہمانی میں پس پوچھا اس سے حضرت سلیمانؑ نے کہا، میں تنہا؟ ہدہد بولا۔ نہیں بلکہ آپ اور تمام لشکر

جَزِیْرَۃِ کَذَا فِیْ یَوْمِ کَذَا فَمَضیٰ سُلَیْمَانُ وَجُنُوْدُہٗ اِلیٰ ھُنَاكَ وَصَعِدَ

فلاں جزیرہ میں فلاں دن پس گئے حضرت سلیمان اور ان کے لشکر وہاں، اور اڑا ہُدہُد

الھُدھُدُ اِلَی الجَوِّ وَصَادَ جَرَادَۃً وَکَسَرَھَا وَرَمیٰ بِھَا فِی البَحْرِ وَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ کُلُوْا

فضا میں اور شکار کیا ایک ٹڈی اور توڑا اس کو اور پھینکا اس کو سمندر میں اور کہا اے اللہ کے نبی کھائیے

لہ مَسَخ (ف) مَسْخًا۔ مسخ کرنا، بری صورت میں بدل دینا۔ بولا جاتا ہے۔ مَسَخَہُ اللّٰہُ قِرْدًا۔ خدا نے اس کو بندر کی صورت میں تبدیل کر دیا ۱۲ ٢ہ قَضَیْتُ، ماضی صیغہ واحد متکلم، قَضیٰ (ض)، قَضَاءً حَاجَتَہٗ، ضرورت پوری کرنا۔ فارغ ہونا ۱۲ ۳ہ الھُدْھُدَ، مشہور پرندہ ہے، بہت کُوکُو کرنیوالا۔ کبوتر کو بھی کہدیتے ہیں جمع ھَدَاھِدُ اور ھَدَاھِیْدُ آتی ہے ۱۲ ۴ہ ضَافَ (ض)، ضِیَافَۃً مہمان ہونا ۵ہ اَلعَسْکَرُ۔ لشکر، فوج، جماعت، جمع عَسَاکِرُ آتی ہے ۱۲ ۶ہ جَزِیْرَۃٌ، جزیرہ وہ زمین جس کے چاروں طرف پانی ہو جمع جَزَائِرُ۔ جُزُرٌ اور جُزْرٌ آتی ہے ۱۲ ۷ہ جُنُوْدٌ جمع ہے جُنْدٌ کی۔ لشکر، جمع اَجْنَادٌ بھی آتی ہے واحد کے لئے جُنْدِیٌّ آتا ہے۔ جَنَّدَ الجُنُوْدَ فوج کو جمع کرنا، بولا جاتا ہے جُنُوْدٌ مُجَنَّدَۃٌ جمع کیا ہوا لشکر ۱۲ ۸ہ ھُنَاكَ، اصل لفظ ھُنَا ہے جو اسم اشارہ ہے اور قریب کے لئے آتا ہے اسی میں کاف خطاب بڑھا دیا تو ھُنَاكَ ہو گیا۔ یعنی یہاں ۱۲ ۹ہ صَعِدَ (س) صُعُوْدًا۔ فِی السُّلَّمِ زینہ پر چڑھنا ۱۲ ١٠ہ اَلجَوَّ۔ بالفتح۔ فضا، آسمان و زمین کا درمیانی حصہ جمع جِوَاءٌ اور اَجْوَاءٌ آتی ہے۔ ١١ہ ملاحظہ ہو صفحہ ۳۲ ہندسہ ۵ ۱۲ ١٢ہ جَرَادَۃٌ ملاحظہ ہو صفحہ ۳۷ ہندسہ ۱۳ ۱۲

فَمَنْ فَاتَهُ اللَّحْمُ لَمْ تَفُتْهُ الْمَرَقَةُ فَضَحِكَ سُلَيْمَانُ وَجُنُوْدُهُ وَاَخَذَهُ بَعْضُ الشُّعَرَاءِ فَقَالَ ؎

آپ سب لوگ پس وہ شخص کہ جس سے فوت ہو جائے بوٹی نہیں فوت ہوگا اس سے شوربا پس ہنسے حضرت سلیمان اور انکا لشکر اور لیا اسکو ایک شاعر نے پس کہا۔

وَكُنْ قَنُوْعًا فَقَدْ جَرٰى مَثَلٌ ٭ اِنْ فَاتَكَ اللَّحْمُ فَاشْرَبِ الْمَرَقَةَ

اور ہو جاؤ تم قناعت کرنیوالے پس تحقیق کہ جاری ہے مثال۔ اگر نہ ملے تمکو بوٹی تو پی لو شوربے کو۔

۳۲۔ **حکایة** قِيْلَ اِنَّ بَهْرَامَ الْمَلِكَ خَرَجَ يَوْمًا لِلصَّيْدِ فَانْفَرَدَ وَرَاٰى صَيْدًا فَتَبِعَهُ طَامِعًا فِيْ لِحَاقِهِ حَتّٰى بَعُدَ عَنْ اَصْحَابِهِ فَنَظَرَ اِلٰى رَاعٍ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَنَزَلَ عَنْ فَرَسِهِ لِيَبُوْلَ وَقَالَ لِلرَّاعِيْ اِحْفَظْ عَلَيَّ فَرَسِيْ حَتّٰى اَبُوْلَ

کہا گیا ہے کہ بہرام بادشاہ نکلا ایک دن شکار کے لئے پس تنہا ہو گیا اور دیکھا ایک شکار پس پیچھا کیا اس کا لالچ کرتے ہوئے اسکے پالینے میں یہاں تک کہ دور نکل گیا اپنے ساتھیوں سے پس دیکھا ایک چرواہے کو ایک درخت کے نیچے تو اترا اپنے گھوڑے سے پیشاب کرنے کیلئے اور کہا چرواہے سے حفاظت کرو تم میری طرف سے میرے گھوڑے کی تاکہ میں پیشاب کرلوں

۱؎ اَللَّحْمُ. بالفتح گوشت. جمع لِحَامٌ، لُحُوْمٌ، لِحْمَانٌ اور لُحْمَانٌ آتی ہے ۱۲ ۲؎ لَمْ تَفُتْهُ فعل مضارع نفی جحد بلم دفَاتَ (ن) فَوْتًا. گذرنا، ختم ہونا ۱۲ ۳؎ اَلْمَرَقَةُ بفتحتین. اَلْمَرَقُ. شوربا، گوشت کا پکایا ہوا پانی، مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا: اَلْقِدْرُ. شوربا زیادہ کرنا ۱۲ ۴؎ قَنُوْعًا. صیغہ مبالغہ، تھوڑے پر راضی ہونیوالا. قناعت کرنیوالا. جمع قُنُعٌ آتی ہے. قَنَعَهٗ راضی کرنا ۱۲ ۵؎ مَثَلٌ بفتحتین، نظیر، مشابہ، یہ دراصل مِثْلٌ بالکسر کے ہم معنی ہے جمع اَمْثَالٌ آتی ہے. مَثَلَ (ن)، مُثُوْلًا. فُلَانًا. مانند ہونا ۱۲ ۶؎ بَهْرَامُ. فارس کا ایک بادشاہ گذرا ہے جس نے ۱۲ برس حکومت کی، چونکہ یہ شکار کا بہت شوقین تھا اس لئے اس کو بہرام کہا جاتا ہے ۱۲ ۷؎ اِنْفَرَدَ، اکیلا ہونا تنہا ہونا. فَرَدَ (ن، س، ك) فُرُوْدًا. وَانْفَرَدَ اکیلا ہونا. علیحدہ ہونا ۱۲ ۸؎ طَامِعًا. صیغہ صفت ہے لالچی. طَمِعَ (س) طَمَعًا، لالچ کرنا، حرص کرنا ۱۲ ۹؎ لِحَاقٌ. بالفتح مصدر ہے، پالینا، آپہونچنا، لَحِقَ (س) لَحَاقًا وَلَحْقًا ۱۲ ۱۰؎ رَاعٍ، اسم فاعل، چرواہا. جمع رُعَاةٌ، رُعْيَانٌ، رُعَاءٌ اور رِعَاءٌ آتی ہے ۱۲ ۱۱؎ يَبُوْلُ، مضارع، بَالَ (ن) بَوْلًا، موتنا، پیشاب کرنا ۱۲

فَعَمَدَ الرَّاعِيْ اِلَى الْعِنَانِ[1] وَكَانَ مُلَبَّسًا[2] ذَهَبًا كَثِيْرًا فَاسْتَغْفَلَ[3] بَهْرَامُ وَاَخَذَ

پس ارادہ کیا چرواہے نے لگام کی طرف اور لگام مزین تھی بہت زیادہ سونے سے، پس غافل پایا چرواہے نے بہرام کو

سِكِّيْنًا[4] وَقَطَعَ طَرَفَ اللِّجَامِ[5] فَرَفَعَ بَهْرَامُ طَرْفَهٗ[6] اِلَيْهِ فَاسْتَحْيٰى[7] وَاَطْرَقَ[8] بِبَصَرِهٖ

اور لی چھری اور کاٹ لیا لگام کا ایک کنارہ پس اٹھائی بہرام نے اپنی نگاہ اسکی طرف، پس شرمایا بہرام اور سر جھکا کر دیکھ

اِلَى الْاَرْضِ وَاَطَالَ الْجُلُوْسَ حَتّٰى اَخَذَ الرَّجُلُ حَاجَتَهٗ فَقَامَ بَهْرَامُ وَجَعَلَ

رہا تھا زمین کی طرف اور لمبا کیا بیٹھے کو، یہاں تک کہ آدمی (چرواہے) نے اپنی ضرورت پوری کر لی، پس اٹھا بہرام اور

يَدَهٗ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَقَالَ لِلرَّاعِيْ قَدِّمْ[9] اِلَيَّ فَرَسِيْ فَاِنَّهٗ دَخَلَ فِيْ عَيْنِيْ تُرَابٌ[10]

بنایا رکھا اپنا ہاتھ اپنی آنکھوں پر اور کہا چرواہے سے آگے بڑھا دو میرے گھوڑے کو اسلئے کہ تحقیق کہ داخل ہوگئی میری آنکھ

مِنْ سَافِي[11] الرِّيْحِ فَمَا اَقْدِرُ عَلٰى فَتْحِهَا فَقَدَّمَهٗ اِلَيْهِ فَرَكِبَ وَسَارَ اِلٰى اَنْ

میں مٹی ہوا کے خاک اڑانے سے پس نہیں قدرت رکھتا اسکے کھولنے پر پس آگے بڑھا دیا گھوڑے کو بہرام کی طرف پس سوار ہوا

وَصَلَ اِلٰى عَسْكَرِهٖ فَقَالَ لِصَاحِبِ مَرَاكِبِهٖ[12] طَرَفُ اللِّجَامِ وَهَبْتُهٗ[13]

اور چلا یہاں تک کہ پہونچ گیا اپنے لشکر کی طرف پس کہا اپنی سواریوں کے نگراں سے کہ لگام کے ایک کنارے کو ہبہ کر دیا میں نے

---

[1] اَلْعِنَانُ، بالکسر، لگام کی رسی۔ جمع اَعِنَّةٌ اور عُنُنٌ آتی ہے ۔ [2] مُلَبَّسًا، اسم مفعول مِنَ التَّلْبِيْسِ، مخلوط مزین اور آراستہ۔ لَبَّسَ عَلَيْهِ الْاَمْرَ غلط ملط کرنا ۔ [3] اِسْتَغْفَلَ، فعل ماضی از باب استفعال، غافل سمجھنا غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ غَفَلَ (ن) غُفُوْلًا وَغَفْلَةً عَنْهُ، غافل ہونا ۔ [4] سِكِّيْنًا، بکسر الاول و تشدید الثانی، چھری۔ جمع سَكَاكِيْنُ آتی ہے ۔ [5] اَللِّجَامُ، بالکسر، لگام۔ جمع لُجُمٌ، لُجْمٌ اور اَلْجِمَةٌ آتی ہے ۔ [6] طَرْفٌ، بالفتح، کنارہ، ایک حصہ۔ جمع اَطْرَافٌ آتی ہے ۔ [7] اِسْتَحْيٰى، فعل ماضی از باب استفعال بمعنی شرم کرنا، اسی سے حَيَاءٌ بمعنی شرم وحیا کے آتا ہے۔ حَيِيَ (س) حَيَاةً، زندہ رہنا ۔ [8] اَطْرَقَ، نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا۔ بولا جاتا ہے اَطْرَقَ رَاْسَهٗ، اس نے اپنا سر جھکا لیا ۔ [9] قَدِّمْ، فعل امر حاضر ہے باب تفعیل سے۔ آگے کر دو، سامنے لاؤ ۔ [10] تُرَابٌ، بالفتح، مٹی۔ جمع اَتْرِبَةٌ اور تِرْبَانٌ آتی ہے۔ تُرْبٌ اور تُرُبٌ بھی آتا ہے ۔ [11] سَافِيْ، صیغہ صفت ہے، خاک اڑانے والی۔ سَفٰى (س) سَفْيًا اَلتُّرَابَ، غبار اڑانا ۔ [12] مَرَاكِبُ، جمع ہے مَرْكَبٌ کی بمعنی سواری۔ یہاں صاحب مراکب سے مراد سواریوں کا نگراں اور داروغہ ہے ۔ [13] وَهَبْتُهٗ، فعل ماضی، واحد متکلم۔ وَهَبَ يَهَبُ (ف) وَهْبًا وَهِبَةً، ہبہ کرنا

فَلَا تَتَّهِمْ بِہٖ اَحَدًا

پس نہ تہمت لگانا اس کے ساتھ کسی کو

۲۳. **حکایۃ.** قَالَ الْجَاحِظُ مَا اَخْجَلَنِیْ اَحَدٌ قَطُّ اِلَّا عَجُوْزَۃٌ عَارَضَتْنِیْ

کہا جاحظ نے نہیں شرمندہ کیا مجھ کو کسی نے کبھی مگر ایک بڑھیا نے جو سامنے آگئی میرے

فِی الطَّرِیْقِ وَقَالَتْ لِیْ فِیْکَ حَاجَۃٌ فَسِرْتُ فِیْ اِثْرِہَا وَمَرَّتْ بِیْ اِلٰی صَائِغٍ

راستہ میں اور بولی مجھ سے تم سے ایک کام ہے، پس چلا میں اسکے پیچھے اور لے گئی مجھ کو ایک سنار کے پاس

وَقَالَتْ مِثْلَ ھٰذَا وَمَضَتْ فَبَقِیْتُ مَبْہُوْتًا وَسَاَلْتُ الصَّائِغَ فَقَالَ ھٰذِہٖ

اور بولی اسکے مانند ہے" اور یہ کہہ کر چل گئی پس میں کھڑا رہا حیران ہو کر اور پوچھا میں نے سنار سے۔ تو سنار نے

عَجُوْزَۃٌ اَرَادَتْ اَنْ اَعْمَلَ لَہَا صُوْرَۃَ شَیْطَانٍ فَقُلْتُ مَا اَدْرِیْ کَیْفَ

کہا یہ ایک بڑھیا ہے اس نے ارادہ کیا کہ میں بنا دوں اسکے لئے شیطان کی ایک تصویر (مجسمہ)، تو میں نے کہا میں نہیں جانتا

صُوْرَتُہٗ فَجَاءَتْ بِکَ وَقَالَتْ مِثْلَ ھٰذَا فَخَجِلْتُ

ہوں کہ کیسی ہوتی ہے شیطان کی صورت، پس وہ لے آئی تمکو اور بولی "اسکے مانند" تو تب بہت شرمندہ ہوا

۲۴. **حکایۃ.** دَخَلَ اَبُوْ دُلَامَۃَ الشَّاعِرُ عَلَی الْمَہْدِیْ یَوْمًا فَسَلَّمَ

داخل ہوا ابودلامہ شاعر مہدی کے پاس، ایک دن پس سلام کیا۔

---

۱ فَلَا تَتَّہِمْ. فعل نہی از باب اِتِّہَام، اِتَّہَمَہٗ بِکَذَا. تہمت لگانا. بدگمانی کرنا. اِتَّہَمَ الرَّجُلُ. متہم ہونا بدنام ہونا. وَہَمَ یَہِمُ (ض) وَہْمًا. وہم کرنا، خیال کرنا. تصور کرنا. اسی سے تُہْمَۃٌ آتا ہے. اس کا اصل مادہ (و.ہ.م) ہے۔ ۲ اَخْجَلَنِیْ. اَخْجَلَہٗ. خَجَّلَہٗ. شرمندہ کرنا. خَجِلَ (س) خَجَلًا. شرمندہ ہونا شرم سے بیخود ہونا۔ ۳ قَطُّ. یہ ظرف زمان ہے، ماضی کے استغراق کے لئے استعمال ہوتا ہے. لیکن صرف نفی کے ساتھ مخصوص ہے جیسے بولا جاتا ہے. مَا فَعَلْتُ ھٰذَا قَطُّ. میں نے اسے کبھی نہیں کیا۔ ۴ عَارَضَتْنِیْ. عَارَضَہٗ مُعَارَضَۃً فِی الْمَسِیْرِ. چلنے میں برابری کرنا، مقابلہ کرنا۔ ۵ اِثْرِہَا. بالکسر پیچھے. بعد. بولا جاتا ہے خَرَجَ فِیْ اِثْرِہٖ، یعنی وہ اسکے بعد نکلا۔ ۶ صَائِغٌ. صیغہ صفت، سنار، زرگر. جمع صَاغَۃٌ. صُیَّاغٌ اور صُوَّاغٌ آتی ہے. صَاغَ (ن) صِیَاغَۃً الشَّیْئَ. پگھلانا. ڈھالنا۔ ۷ مَبْہُوْتٌ. متحیر. ہکا بکا۔ بُہِتَ (س ك) بَہْتًا وَبُہْتًا. حیرت میں پڑ کر خاموش رہنا. ہکا بکا رہنا۔ ۸ اَبُوْ دُلَامَۃَ. ایک مشہور شاعر گذرا ہے۔ ۹ اَلْمَہْدِیْ. ابوعبداللہ محمد بن منصور بنو عباسیہ کا تیسرا خلیفہ ہے ۱۲۷ھ میں پیدا ہوا اور ۱۶۹ھ میں وفات پائی

عَلَيْهِ ثُمَّ قَعَدَ وَاَرْخٰى[1] عُيُوْنَهٗ بِالْبُكَاءِ فَقَالَ لَهٗ مَالَكَ قَالَ مَاتَتْ اُمُّ دُلَامَةَ

اس پر پھر وہ بیٹھ گیا اور جھکا یا اپنی آنکھوں کو رونے کے ساتھ پس پوچھا مہدی نے اس سے کیا ہوا ہے تمہیں، بولا مرگئی ام دلامہ

فَقَالَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَدَخَلَتْ لَهٗ رِقَّةٌ[2] لِمَا رَاٰى مِنْ جَزَعِهٖ[3] فَقَالَ

میری بیوی، پس کہا مہدی نے انا للہ وانا الیہ راجعون اور داخل ہوئی (یعنی پیدا ہوئی) مہدی کو رقت بوجہ اسکے کہ دیکھا اس نے

لَهٗ عَظَّمَ[4] اللّٰهُ اَجْرَكَ يَا اَبَا دُلَامَةَ وَاَمَرَ لَهٗ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ وَقَالَ لَهٗ اسْتَعِنْ بِهَا

اسکی گھبراہٹ کو پس کہا مہدی نے اس سے اللہ تعالیٰ تمہارے اجر کو بڑا کرے اے ابو دلامہ! اور حکم دیا اسکے لئے ایکہزار درہم کا،

فِيْ مُصِيْبَتِكَ فَاَخَذَهَا وَدَعَا لَهٗ وَانْصَرَفَ[5] فَلَمَّا دَخَلَ اِلٰى مَنْزِلِهٖ فَقَالَ

اور کہا اس سے کہ مدد حاصل کر اس سے اپنی مصیبت میں پس لیا اسکو اور دعا دی اور چلا گیا پس جب داخل ہوا اپنے گھر میں تو کہا

لِاُمِّ دُلَامَةَ اِذْهَبِيْ فَاسْتَاْذِنِيْ عَلَى الْخَيْزُرَانِ[6] جَارِيَةِ الْمَهْدِيِّ فَاِذَا دَخَلْتِ

ام دلامہ (بیوی) سے جا تو پس اجازت حاصل کرنا خیزران، یعنی مہدی کی لونڈی کے پاس جانیکی، پس جب تم داخل ہونا

عَلَيْهَا فَتَبَاكِيْ[7] وَقُوْلِيْ مَاتَ اَبُوْ دُلَامَةَ فَمَضَتْ[8] وَاسْتَاْذَنَتْ[9] عَلَى الْخَيْزُرَانِ فَاَذِنَتْ لَهَا

اس پر پس رونیکی صورت بنانا اور کہنا کہ مرگیا ابو دلامہ (میرا شوہر) پس گئی اور اجازت حاصل کی خیزران پر تو اس نے اجازت دیدی

[1] اَرْخٰى. اِرْخَاءٌ نرم کرنا، ڈھیلا کرنا، چھوڑ دینا، لٹکانا ۱۲ [2] رِقَّةٌ. مہربانی، رحمت، رَقَّ (ض) رِقَّةً پتلا ہونا، رحم کرنا ۱۲ [3] جَزِعَ (س) جَزَعًا وجُزُوْعًا، گھبرانا، بے صبری کرنا، غمگین ہونا، ڈرنا ۱۲ [4] عَظَّمَ، مراد زیادہ کرنا، بڑا کرنا، اگر یہ باب افعال سے یعنی اَعْظَمَ ہوتا تو زیادہ اچھا ہوتا، کیونکہ عَظَّمَ کا استعمال تعظیم و توقیر کرنیکے معنی میں ہوتا ہے، عَظَّمَهٗ، تعظیم کرنا اور اَعْظَمَهٗ بڑا کرنا۔ عَظُمَ (ك) عِظَمًا وعَظَامَةً بڑا ہونا، صفت کے لئے عَظِيْمٌ آتا ہے جسکی جمع عُظَمَاءُ، عِظَامٌ اور عُظُمٌ آتی ہے ۱۲ [5] اِنْصَرَفَ. اِنْصِرَافًا، لوٹ جانا، واپس ہونا، باز رہنا اور نحویوں کی اصطلاح میں منصرف کے معنی میں آتا ہے۔ بولتے ہیں اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ، کلمہ منصرف ہوگیا ۱۲ [6] اَلْخَيْزُرَان، خلیفہ مہدی کی لونڈی کا نام ہے ۱۲ [7] فَتَبَاكِيْ، فعل امر حاضر، صیغہ واحد مؤنث حاضر، تَبَاكٰى بتکلف رونا، رونیکی صورت بنانا، بَكٰى (ض) بُكَاءً وبُكًى، رونا، صفت کے لئے بَاكٍ آتا ہے اسکی جمع بُكَاةٌ آتی ہے اور مؤنث کے لئے بَاكِيَةٌ آتا ہے، اسکی جمع بَاكِيَاتٌ اور بَوَاكٍ آتی ہے ۱۲ [8] مَضَتْ، فعل ماضی صیغہ واحد مؤنث غائب مَضٰى (ض)، مُضِيًّا، وَمَضٰى (ن)، مُضُوًّا، اَلشَّيْءُ، گذرنا ۱۲ [9] اِسْتَاْذَنَتْ، ماضی واحد مؤنث غائب، اِسْتَاْذَنَ، اجازت مانگنا، بصلہ علی، اندر داخل ہونے کی اجازت طلب کرنا ۱۲

فَلَمَّا اطْمَأَنَّتْ أَرْسَلَتْ عَيْنَيْهَا بِالْبُكَاءِ، قَالَتْ لَهَا: مَا لَكِ؟ قَالَتْ: مَاتَ أَبُو دُلَامَةَ

پس جب مطمئن ہوئی تو چھوڑ دیں یعنی بہا دیا اپنی آنکھوں کو رونے کے ساتھ، خیزران نے اس سے پوچھا کیا ہوا تمھیں، بولی مرگیا ابودلامہ

فَقَالَتْ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، عَظَّمَ اللّٰهُ أَجْرَكِ، وَتَوَجَّعَتْ لَهَا، ثُمَّ أَمَرَتْ

تو خیزران نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھی اور کہا، اللہ تعالیٰ تمہارے اجر کو زیادہ کرے اور تعزیت کی اسکی، پھر حکم دیا اسکے

لَهَا بِأَلْفَيْ دِرْهَمٍ، فَدَعَتْ لَهَا وَانْصَرَفَتْ، فَلَمْ يَلْبَثِ الْمَهْدِيُّ أَنْ دَخَلَ عَلَى الْخَيْزُرَانِ

لیے دو ہزار درہم کا، پس دعا دی ام دلامہ نے اور چلی گئی، پس نہیں ٹھہرا مہدی یہاں تک کہ داخل ہوا خیزران کے پاس

فَقَالَتْ: يَا سَيِّدِي، أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ أَبَا دُلَامَةَ مَاتَ؟ قَالَ: لَا يَا حُبَيِّبَتِي، إِنَّمَا هِيَ امْرَأَتُهُ

پس کہا خیزران نے اے میرے آقا کیا تمھیں علم ہوا کہ ابودلامہ مرگیا، مہدی نے کہا نہیں اے میری محبوبہ! جز ایں نیست کہ اسکی

أُمُّ دُلَامَةَ، قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ إِلَّا أَبُو دُلَامَةَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، خَرَجَ مِنْ عِنْدِي

بیوی ام دلامہ مری ہے، خیزران بولی نہیں خدا کی قسم بلکہ ابودلامہ مرا ہے، مہدی نے سبحان اللہ کہا (اور بولا) ابودلامہ تو ابھی

السَّاعَةَ، فَقَالَتْ: وَخَرَجَتْ مِنْ عِنْدِي السَّاعَةَ، وَأَخْبَرَتْهُ بِخَبَرِهَا وَ

میرے پاس سے گیا ہے، خیزران نے کہا۔ اور ام دلامہ بھی ابھی میرے پاس سے گئی ہے اور بتلایا مہدی کو اسکا اور اسکے

بُكَائِهَا، فَضَحِكَ وَتَعَجَّبَ مِنْ حِيَلِهَا۔

رونے کا حال، پس مہدی ہنسا اور تعجب کیا اسکی تدبیر پر۔

۱؎ اِطْمَأَنَّتْ: آرام لینا، قرار پکڑنا، سکون میں ہونا، مطمئن ہونا۔ اِطْمَأَنَّ، اِطْمِئْنَانًا وَطُمَأْنِينَةً مطمئن ہونا، سکون [illegible] طمن سے ہے۔ طَمْأَنَ، طَمْأَنَةً ظَهْرَهُ، جھکانا، طَمْأَنَ الشَّيْءَ، ساکن کرنا، اور بعض نے ط م ن بتلایا ہے۔ ۲؎ أَرْسَلَتْ چھوڑ دینا، أَرْسَلَهُ، بھیجنا، چھوڑ دینا۔ رَسِلَ (س) رَسَلًا وَرَسَالَةً۔ الشَّعْرُ بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا۔ ۳؎ تَوَجَّعَتْ، اظہار غم کرنا، دردمند ہونا، بصلہ لام دردمند ہونے کے معنی میں آتا ہے۔ مجرد میں وَجِعَ (س)، وَجَعًا دردمند ہونا، مریض ہونا۔ ۴؎ لَمْ يَلْبَثْ۔ لَبِثَ (س) لَبْثًا وَلُبْثًا بالمکان، ٹھہرنا، اقامت کرنا۔ بولتے ہیں مَا لَبِثَ أَنْ فَعَلَ كَذَا، یعنی اس نے [illegible] تاخیر کی۔ یہی مفہوم یہاں مراد بھی ہے۔ ۵؎ يَا حُبَيِّبَتِي یہ مؤنث ہے حَبِيبٌ کا، بمعنی محبوب، معشوق، دوست۔ حَبَّهُ (ض) حُبًّا محبت کرنا اور حَبَّ (س)، وَحَبُبَ (ك) إِلَيْهِ، محبوب ہونا۔ ۶؎ السَّاعَةَ۔ [illegible] ۷؎ حِيَلِهَا۔ حِيَلٌ جمع ہے حِيلَةٌ کی، تدبیر، ہوشیاری وغیرہ۔

۳۵۔ **حِکَایَۃٌ**۔ قِیْلَ اِنَّ اَبَادُلَامَةَ الشَّاعِرَ کَانَ وَاقِفًا بَیْنَ یَدَیِ السَّفَّاحِ[1]

بیان کیا گیا ہے کہ ابودلامہ شاعر کھڑا تھا ایک دن سفاح کے سامنے۔ پس کہا سفاح

فِیْ بَعْضِ الْاَیَّامِ فَقَالَ لَهٗ سَلْنِیْ[2] حَاجَتَكَ فَقَالَ اَبُوْدُلَامَةَ اُرِیْدُ کَلْبَ صَیْدٍ

نے اس سے مانگو تم مجھ سے اپنی حاجت کو، پس کہا اس سے ابودلامہ نے، میں چاہتا ہوں ایک شکاری کتا،

فَقَالَ اَعْطُوْهُ[3] اِیَّاهُ فَقَالَ وَاُرِیْدُ دَابَّةً[4] اَتَصَیَّدُ[5] عَلَیْهَا قَالَ اَعْطُوْهُ اِیَّاهَا

پس حکم دیا سفاح نے دیدو اسکو کتا۔ پھر کہا اور چاہتا ہوں میں ایک سواری کہ شکار کروں اسپر سوار ہوکر، حکم دیا دیدو اسکو سواری

قَالَ وَغُلَامًا یَقُوْدُ[6] الْکَلْبَ وَیَصِیْدُ بِهٖ قَالَ وَاَعْطُوْهُ غُلَامًا قَالَ وَجَارِیَةً[7]

پھر کہا اور ایک غلام بھی چاہتا ہوں جو لے چلے کتے کو اور شکار کرے اس سے، کہا دیدو اسکو ایک غلام، ابودلامہ نے کہا اور ایک لونڈی

تُصْلِحُ الصَّیْدَ وَتُطْعِمُنَا[8] مِنْهُ قَالَ اَعْطُوْهُ جَارِیَةً قَالَ هٰؤُلَاءِ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ

بھی چاہتا ہوں جو بنائے اسکو اور کھلائے ہمکو اس شکار سے۔ حکم دیا دیدو اسکو ایک لونڈی بھی، کہا ابودلامہ نے اے امیرالمومنین

لَابُدَّ لَهُمْ مِنْ دَارٍ یَسْکُنُوْنَهَا فَقَالَ اَعْطُوْهُ دَارًا تَجْمَعُهُمْ[9] قَالَ وَاِنْ

ضروری ہے انکے لئے ایک گھر جسمیں رہیں یہ لوگ پس حکم دیا دے دو اس کو گھر جو کافی ہو ان سب کو، کہا ابودلامہ نے اگر

---

[1] اَلسَّفَّاحُ۔ یہ بنو عباسیہ کا سب سے پہلا خلیفہ ہے یہ چونکہ بہت ظالم تھا اسلئے اس کو سَفَّاح کہا جاتا ہے۔ سَفَحَ (ف) سَفْحًا وَسُفُوْحًا۔ اَلدَّمَ خون بہانا اور سَفَّاحٌ بہت خون بہانیوالے کو کہتے ہیں۔ [2] سَلْنِیْ، فعل امر حاضر ہے اس میں مفعول کی ضمیر لگی ہوئی ہے۔ سَاَلَ (ف) سُؤَالًا۔ مانگنا۔ طلب کرنا۔ درخواست کرنا۔ [3] اَعْطُوْهُ، فعل امر حاضر جمع مذکر کا صیغہ ہے۔ اَعْطٰی یُعْطِیْ، اِعْطَاءً۔ دینا۔ [4] دَابَّةٌ۔ اصل میں ہر رینگنے والے جانور کو کہتے ہیں، لیکن اسکا استعمال سواری کے جانور اور چوپائے کے لئے ہوتا ہے، یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ دَبَّ (ض) دَبًّا۔ رینگنا۔ [5] اَتَصَیَّدُ فعل مضارع صیغہ واحد متکلم، تَصَیَّدَ واصْطَادَ۔ وَصَادَ (ض) صَیْدًا، ہر ایک کے معنی شکار کرنے کے آتے ہیں۔ [6] قَادَ (ن) قَوْدًا۔ اَلدَّابَّةَ، جانور کو آگے سے کھینچنا۔ کھینچنا۔ لے جانا۔ [7] جَارِیَةٌ، لونڈی، باندی۔ جمع جَارِیَاتٌ اور جَوَارٍ آتی ہے۔ [8] تُطْعِمُنَا۔ مضارع صیغہ واحد مذکر حاضر، اَطْعَمَهٗ کھانا کھلانا۔ [9] تَجْمَعُهُمْ۔ جَمَعَ (ف) جَمْعًا۔ اَلْمُتَفَرِّقَ، اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

لَمْ تَكُنْ لَهُمْ ضَيْعَةٌ[1] فَمِنْ أَيْنَ يَعِيشُوْنَ[2] قَالَ قَدْ أَقْطَعْتُكَ[3] عَشْرَ ضِيَاعٍ

نہیں ہوگی اسکے لیے جائداد، پس کہاں سے زندگی گذاریں گے، کہا میں نے تجھ کو دس زمینیں دیں

عَامِرَةٍ[4] وَعَشْرَ ضِيَاعٍ غَامِرَةٍ[5] قَالَ وَمَا الْغَامِرَةُ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ

زرخیز قسم کی اور دس زمینیں بنجر، کہا ابودلامہ نے کیا ہے بنجر زمین اے امیرالمومنین۔ کہا سفاح نے

مَا لَا نَبَاتَ[6] فِيْهَا قَالَ قَدْ أَقْطَعْتُكَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِائَةَ ضَيْعَةٍ غَامِرَةٍ

وہ زمین جس میں پودے نہ اگیں۔ کہا ابودلامہ نے تحقیق دیں میں نے آپ کو اے امیرالمومنین سو بنجر زمینیں

مِنْ فَيَافِيْ[7] بَنِيْ أَسَدٍ[8] فَضَحِكَ مِنْهُ وَقَالَ اِجْعَلُوْهَا كُلَّهَا عَامِرَةً۔

بنواسد کے جنگلوں کی، پس ہنسا سفاح اس بات سے اور کہا دیدو اس کو کل زرخیز زمینیں۔

تمت بالخیر

---

[1] ضَيْعَةٌ، زمین، جائداد، جمع ضِيَاعٌ، ضِيَعٌ اور ضَيْعَاتٌ آتی ہے۔ ضَاعَ (ض) ضَيْعًا وضَيَاعًا ضائع ہونا، بیکار رہنا، تلف ہونا ۱۲ [2] يَعِيْشُوْنَ۔ عَاشَ (ض) عَيْشًا وعِيْشَةً، زندہ رہنا، زندگی گذارنا [3] أَقْطَعْتُكَ۔ أَقْطَعَ الْأَمِيْرُ الْجُنْدَ الْبَلَدَ، جاگیر دینا مجرد میں قَطَعَ (ف) قَطْعًا، کاٹنا، جدائی اختیار کرنا، قَطَعَ لَهُ قِطْعَةً مِنَ الْمَالِ، مال کا ایک حصہ اسکے لیے جدا کیا۔ [4] عَامِرَةٌ، آباد، قابل زراعت زمین جمع عَوَامِرُ آتی ہے ۱۲ [5] غَامِرَةٌ، بالغین المعجمۃ، اجاڑ زمین جو کھیتی کے لائق نہ ہو، بنجر، خراب زمین، [6] نَبَاتٌ گھاس، پودا، بیل، زمین سے جو کچھ اُگے سب کو نَبَاتٌ کہتے ہیں، واحد نَبَاتَةٌ آتا ہے اور جمع نَبَاتَاتٌ آتی ہے۔ نَبَتَ (ن) نَبْتًا ونَبَاتًا، الْبَقْلُ، سبزی کا اُگنا، الْمَكَانُ، سبزہ زار ہونا ۱۲ [7] فَيَافِيْ جمع ہے فَيْفٍ کی، ایسا جنگل جس میں پانی نہ ہو فَيْفَى کے ہم معنیٰ فَيْفَاءُ اور فَيْفَاةٌ بھی آتا ہے۔ اور فَيْفٌ بھی اسی معنی میں آتا ہے لیکن اسکی جمع أَفْيَافٌ اور فُيُوْفٌ آتی ہے ۱۲ [8] بَنِيْ أَسَدٍ عرب کا ایک قبیلہ ہے ۱۲

هٰذَا اٰخِرُ مَا كَتَبْتُ بِعَوْنِ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

* آج بتاریخ ۸ ربیع الاول ۱۳۸۵ھ جمعہ کی مبارک شب میں شرح کا یہ کام خیر و خوبی کے ساتھ اختتام کو پہونچا۔ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے۔ اور اس کو نافع بنائے۔ آمین ثم آمین

بندہ۔ حبیب الرحمن بن مولانا نذیر احمد خیرآبادی عفا اللہ عنہما

"مُفیدُ الطّالبین" کے صرف باب اوّل کے جملوں کی نحوی ترکیب نہایت سہل انداز اور سلیس زبان میں کی گئی ہے، جو ابتدائی طلبہ کو ہر قسم کے جملوں کی ترکیب کرنے کی استعداد پیدا کرتی ہے۔

حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا وَّبَعْد فَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ الْمُسَمَّاةُ بِمُفِيدِ الطَّالِبِيْنَ مُشْتَمِلَةٌ عَلٰى الْبَابَيْنِ. اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِی الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ وَالْبَابُ الثَّانِیْ فِی الْحِکَایَاتِ وَالنَّقْلِیَاتِ

حلِ ترکیب: ۔ ۱؎ بآ حرف جار. اسم مضاف اللہ موصوف. الرحمٰن صفت اوّل. الرحیم. صفت ثانی. موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل مقدر اَشْرَعُ یا اَقْرَأُ کے. اَشْرَعُ یا اَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم. ضمیر اسمیں اَنَا اس کا فاعل. فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ابتدائیہ ہوا. ۲؎ حَامِدًا اصل میں اَحْمَدُہٗ حَامِدًا ہے. اسی طرح مُصَلِّیًا کی تقدیر اُصَلِّیْ مُصَلِّیًا ہے. اَحْمَدُ فعل، اَنَا ضمیر اس میں فاعل کی ذوالحال ۂ مفعول بہ حَامِدًا حال. ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل ہوا اَحْمَدُ کا. فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا. واوٴ حرف عطف اُصَلِّیْ فعل اور ضمیر فاعل کی ذوالحال، مصلیًا. حال. ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل ہوا فعل اُصَلِّیْ کا. فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا. ۳؎ واوٴ قائم مقام اَمَّا کے. اَمَّا حرف شرط، بَعْدُ، اَلْحَمْدُ وَالصَّلٰوۃُ ہے. بَعْدُ مضاف، الحمد معطوف علیہ، واوٴ حرف عطف، الصّلوٰۃ معطوف. معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر قائم مقام شرط کے ہوا. فاء جزائیہ. ہٰذِہٖ اسم اشارہ. اَلرِّسَالَۃُ موصوف، المسماۃ. اسم مفعول کا صیغہ. با حرف جار. مفید مضاف. طالبین مضاف الیہ. مضاف، اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مسماۃ کے. مسماۃ اپنے متعلق سے مل کر صفت ہوئی موصوف کی. موصوف اپنی صفت سے مل کر مشار الیہ ہوا، اسم اشارہ اپنے مشارٌ سے مل کر مبتدا. مُشْتَمِلَۃٌ اسم فاعل کا صیغہ. علیٰ حرف جار بابین مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مشتملۃ کے. مشتملۃ اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۴؎ اَلْبَابُ موصوف، الاوّل صفت. موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا، فی حرف جار الامثال معطوف علیہ، واوٴ حرف عطف، المواعظ معطوف. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابتٌ محذوف کے. ثابتٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا. واوٴ حرف عطف. اَلْبَابُ موصوف، اَلثَّانِیْ صفت. موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا. فِیْ حرف جار اَلْحِکَایَاتِ معطوف علیہ، واوٴ حرف عطف النقلیاتِ معطوف. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابتٌ مقدر کے ثابتٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا. معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

اَللّٰهُمَّ لِلْمُبْتَدِئِیْنَ مِنْ طَلَبَاءِ الْعَرَبِیَّةِ فَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰهِ اَنْ یَّنْفَعَهُمْ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

اَلْبَابُ الْاَوَّلُ فِی الْاَمْثَالِ وَالْمَوَاعِظِ

اَوَّلُ النَّاسِ اَوَّلُ نَاسٍ ۔ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ ۔ اَلْجَهْلُ مَوْتُ الْاَحْیَاءِ ۔ النَّاسُ اَعْدَاءٌ لِمَا جَهِلُوْا

حلِ ترکیب ۔ ۱ اَلَّفْتُ فعل بافاعل ، ضمیر ہا مفعول بہ لام حرف جار مبتدئین اسم فاعل کا صیغہ ، من حرف جار طلباء مضاف ۔ العربیۃ مضاف الیہ ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مبتدئین اسم فاعل کے ۔ مبتدئین اپنے متعلق سے مل کر مجرور ہوا جار کا ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل اَلَّفْتُ کے الفت اپنے فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔ ۲ فاء تعقیبیہ اَلْمَسْئُوْلُ اسم مفعول کا صیغہ ۔ من حرف جار ، لفظ اللّٰہ مجرور ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَسْئُوْلُ کے ۔ مسئول اپنے متعلق سے مل کر مبتدا ۔ اَنْ ناصبہ ینفع فعل ضمیر اس میں ھُوَ فاعل ۔ ھم مفعول بہ ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ بتاویل مفرد ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۳ واؤ استینافیہ ھُوَ مبتدا حَسْبُ مضاف ۔ یاء متکلم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ۔ واؤ حرف عطف ۔ نعم فعل مدح ضمیر اس میں ھُوَ فاعل ۔ اَلْوَکِیْلُ مخصوص بالمدح ۔ فعل اپنے فاعل ومخصوص بالمدح سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا ۔ ۴ الباب موصوف الاول صفت ۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا ۔ فی حرف جار اَلْاَمْثَال معطوف علیہ واؤ حرف عطف ۔ المواعظ معطوف ۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا جار کا ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنٌ یا ثَابِتٌ محذوف کے ۔ کائن یا ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۵ اَوَّلُ مضاف ۔ الناس مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ۔ اول مضاف ناس صیغہ اسم فاعل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۶ آفۃ ۔ مضاف العلم مضاف الیہ ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ۔ النسیان خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۷ الجہل مبتدا موت مضاف ۔ الاحیاء مضاف الیہ ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۸ اَلنَّاسُ مبتدا ۔ اعداءٌ صفت کا صیغہ ۔ لام حرف جار ما موصولہ جَہِلُوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب ضمیر اس میں ھُم فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا ۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا ۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَعْدَاءٌ کے ۔ اعداءٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔

اَلْعَاقِلُ تَكْفِيهِ الْإِشَارَةُ. اَلْعُجْبُ آفَةُ اللُّبِّ. إِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ. اَلْأَدَبُ جُنَّةٌ لِلنَّاسِ. اَلْحِرْصُ مِفْتَاحُ الذُّلِّ. اَلْقَنَاعَةُ مِفْتَاحُ الرَّاحَةِ. اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ. اَلنَّقْدُ خَيْرٌ مِنَ النَّسِيئَةِ. اَلْجَاهِلُ يَرْضَىٰ عَنْ نَفْسِهِ. اَلسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ. اَلنَّاسُ عَلَىٰ دِينِ مُلُوكِهِمْ

حلِ ترکیب ۱ اَلْعَاقِلُ صفت کا صیغہ مبتدا. تَكْفِي فعل ہ مفعول بہ. الاشارۃ فاعل. فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۲ اَلْعُجْبُ مبتدا. آفَةُ مضاف. اللب مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۳ إِذَا حرف شرط. تَمَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب. العقل اس کا فاعل. فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط. نقص فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب. اَلْكَلَامُ. اس کا فاعل. فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء. شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا. ۴ اَلْأَدَبُ مبتدا. جُنَّةٌ. صفت کا صیغہ. لام حرف جار. اَلنَّاسِ مجرور. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا جُنَّةٌ کے. جُنَّةٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۵ اَلْحِرْصُ. مبتدا. مفتاح. مضاف. اَلذُّلِّ مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۶ و ۷ ان دونوں جملوں کی ترکیب ۵ کے مثل ہے ۸ اَلنَّقْدُ. مبتدا. خَيْرٌ صفت کا صیغہ. مِن حرف جار. اَلنَّسِيئَةِ مجرور. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا خَيْرٌ کے. خَيْرٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۹ اَلْجَاهِلُ مبتدا. يَرْضَىٰ فعل مضارع صیغہ واحد مذکر غائب. ضمیر اس میں ہُوَ فاعل. عَنْ حرف جار. نفس مضاف ہ مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل يَرْضَىٰ کے. فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۰ اَلسَّعِيدُ. مبتدا. مَنْ موصول. وُعِظَ فعل ماضی مجہول. صیغہ واحد مذکر غائب. ضمیر اس میں ہُوَ نائب فاعل. با حرف جار غیر مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل وُعِظَ کے. وُعِظَ اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۱ الناس مبتدا با حرف جار اَللِّبَاسِ مجرور. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا يُعْرَفُونَ فعل محذوف کے. يُعْرَفُونَ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ الناس مبتدا. عَلَىٰ حرف جار. دِينِ مضاف. ملوک. مضاف الیہ مضاف ہم مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا دِينِ مضاف کا. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا قَائِمُونَ فعل محذوف کے. قائمون اپنے متعلق سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

اَلقَرضُ مِقرَاضُ المَحَبَّۃِ۔ اَلاَمَانِی تُعمِی عُیُونَ البَصَائِرِ۔ اَلحِلمُ سَجِیَّۃٌ فَاضِلَۃٌ۔ اَلحَمِیَّۃُ رَاسُ کُلِّ دَوَاءٍ۔ اَلمَرءُ یَقِیسُ عَلٰی نَفسِہٖ۔ اَلجِنسُ یَمِیلُ اِلَی الجِنسِ۔ اَلکَرِیمُ اِذَا وَعَدَ وَفٰی۔ اَلحِکمَۃُ تَزِیدُ الشَّرِیفَ شَرَفًا۔ اَلدُّنیَا بِالوَسَائِلِ لَا بِالفَضَائِلِ

حلِ ترکیب ۱۔ اَلقَرضُ مبتدا، مِقرَاضُ مضاف اَلمَحَبَّۃِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۲۔ اَلاَمَانِی مبتدا۔ تُعمِی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب۔ ضمیر اس میں ہِیَ فاعل۔ عُیُون۔ مضاف۔ اَلبَصَائِرِ۔ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۳ۃ اَلحِلمُ۔ مبتدا، سَجِیَّۃٌ موصوف۔ فَاضِلَۃٌ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ۃ اَلحَمِیَّۃُ۔ مبتدا، رَاسُ مضاف، کُلّ مضاف الیہ مضاف دَوَاءٍ مضاف الیہ۔ کُلّ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا رَاسُ مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ۱۲ ۵ۃ اَلمَرءُ۔ مبتدا۔ یَقِیسُ۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف ضمیر اس میں ھُوَ فاعل۔ عَلٰی حرف جار، نَفسِ مضاف ہٖ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا یَقِیسُ فعل کے۔ یَقِیسُ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۶ۃ اَلجِنسُ۔ مبتدا، یَمِیلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں ھُوَ، فاعل۔ اِلٰی حرف جار، اَلجِنسِ، مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل یَمِیلُ کے۔ یَمِیلُ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۷ۃ اَلکَرِیمُ، مبتدا، اِذَا حرف شرط، وَعَدَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں ھُوَ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، وَفٰی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر اس میں ھُوَ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۸ۃ اَلحِکمَۃُ، مبتدا، تَزِیدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب ضمیر اس میں ہِیَ فاعل، اَلشَّرِیفَ ممیز۔ شَرَفًا تمیز، ممیز اپنی تمیز سے مل کر مفعول بہ ہوا فعل تَزِیدُ کا۔ تَزِیدُ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۹ۃ اَلدُّنیَا مبتدا۔ با حرف جار اَلوَسَائِلِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل محذوف تَحصُلُ کے۔ لَا حرف عطف، با حرف جار، اَلفَضَائِلِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل تَحصُلُ کے۔ تَحصُلُ اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوا، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲۔

اَلدُّنْیَا مَزْرَعَةُ الْاٰخِرَةِ۔ اَلْاِنْسَانُ حَرِیْصٌ فِیْمَا مُنِعَ۔ اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ
اَلصِّدْقُ یُنْجِیْ وَالْکِذْبُ یُھْلِکُ۔ اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ۔ اِذَا فَاتَکَ الْاَدَبُ
فَالْزَمِ الصَّمْتَ۔ اِذَا فَاتَکَ الْحَیَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ

حلِ ترکیب ۱۔ ۱ اَلدُّنْیَا۔ مبتدا، مَزْرَعَةُ مضاف۔ اَلْاٰخِرَةِ۔ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۲ اَلْاِنْسَانُ مبتدا، حَرِیْصٌ، صفت کا صیغہ، فِیْ حرف جار، مَا موصولہ، مُنِعَ فعل ماضی مجہول، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں ھُوَ نائب فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوئی مَا موصولہ کی، موصول اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا حَرِیْصٌ کے۔ حَرِیْصٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ ۳ اَلْاِنْسَانُ، مبتدا، عَبْدُ، مضاف، اَلْاِحْسَانِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ۴ اَلصِّدْقُ، مبتدا، یُنْجِیْ، فعل مضارع معروف (از باب افعال)، صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر اس میں ھُوَ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ حرف عطف، اَلْکِذْبُ مبتدا، یُھْلِکُ فعل مضارع معروف (از باب افعال) صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں ھُوَ، فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا ۔ ۵ اَحْسِنْ، فعل امر، صیغہ واحد مذکر حاضر، ضمیر اس میں اَنْتَ، فاعل، کاف، حرف جار، مَا موصولہ، اَحْسَنَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب۔ اَللّٰہُ اس کا فاعل اِلٰی، حرف جار، کَ، ضمیر خطاب مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل اَحْسَنَ کے۔ اَحْسَنَ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا مَا موصول کا۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل امر اَحْسِنْ کے۔ اَحْسِنْ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۔ ۶ اِذَا حرف شرط، فَاتَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، کَ، ضمیر خطاب مفعول بہ۔ اَلْاَدَبُ، اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، فَا، جزائیہ، اَلْزِمْ، فعل امر حاضر معروف، صیغہ واحد مذکر حاضر (از باب افعال)، ضمیر اس میں اَنْتَ فاعل اَلصَّمْتَ۔ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء ہوئی شرط کی۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۔ ۷ اِذَا حرف شرط، فَاتَ، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، کَ، ضمیر خطاب مفعول بہ، اَلْحَیَاءُ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، فَا، جزائیہ، اِفْعَلْ، فعل امر حاضر معروف، ضمیر، اس میں اَنْتَ فاعل۔ مَا موصولہ، شِئْتَ، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر حاضر، ضمیر اسمیں اَنْتَ فاعل۔ فعل، اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا۔ موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول بہ ہوا فعل اِفْعَلْ کا۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۔

اَلْحَیٰوۃُ کَظِلِّ الْجُدْرَانِ وَالنَّبَاتِ. اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ خَیْرٌ مِّنَ الْجَاهِلِ الْمَرْزُوْقِ. اَلنَّحْوُ فِی الْکَلَامِ کَالْمِلْحِ فِی الطَّعَامِ. اِنَّ الْبَلَاءَ مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ. اَبْصَرُ النَّاسِ مَنْ نَّظَرَ اِلٰی عُیُوْبِهٖ. اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَّاٰخِرُهٗ نَدَمٌ.

حلِ ترکیب :- ۱ اَلْحَیٰوۃُ، مبتدا. کاف، حرف جار، ظِلِّ مضاف، اَلْجُدْرَانِ، معطوف علیہ، وَاوْ حرف عطف اَلنَّبَاتِ، معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مضاف کا. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنَۃٌ محذوف کے. کَائِنَۃٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۲ اَلْعَاقِلُ، موصوف، المحروم، اس کی صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا خَیْرٌ صفت کا صیغہ. مِنْ. حرف جار، اَلْجَاهِلِ موصوف، اَلْمَرْزُوْقِ اسکی صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا خَیْرٌ کے. خیر اپنے متعلق سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۳ اَلنَّحْوُ ذوالحال، کَائِنًا اسم فاعل کا صیغہ محذوف، فِیْ حرف جار، اَلْکَلَامِ، مجرور، جار اپنے مجرور سے متعلق ہوا کَائِنًا کے، کَائِنًا اپنے متعلق سے مل کر حال ہوا ذوالحال کا. ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا. کاف حرف جار، اَلْمِلْحِ، ذوالحال. کَائِنًا اسم فاعل کا صیغہ محذوف، فِیْ، حرف جار، اَلطَّعَامِ، مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنًا کے، کَائِنًا اپنے متعلق سے مل کر حال ہوا ذوالحال کا، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور ہوا جار کا. جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنٌ محذوف کے، کَائِنٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا. ۴ اِنَّ. حروف مشبہ بالفعل، اَلْبَلَاءَ اس کا اسم، مُوَکَّلٌ، اسم مفعول کا صیغہ، بَاء حرف جار، اَلْمَنْطِقِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مُوَکَّلٌ کے، مُوَکَّلٌ اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی اِنَّ کی. اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۵ اَبْصَرُ مضاف، اَلنَّاسِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا. مَنْ موصولہ. نَظَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں هُوَ فاعل اِلٰی حرف جار، عُیُوْبِ مضاف، ہٖ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل نَظَرَ کے، نَظَرَ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صلہ ہوا موصول کا. موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر. مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۶ اَوَّلُ مضاف، اَلْغَضَبِ مضاف الیہ. مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا. جُنُوْنٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا، وَاو حرف عطف اٰخِرُ مضاف، ہٗ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، نَدَمٌ خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا. ۱۲

إِذَا قَلَّ مَالُ الْمَرْءِ قَلَّ صَدِيقُه ۔ إِصْلَاحُ الرَّعِيَّةِ أَنْفَعُ مِنْ كَثْرَةِ الْجُنُودِ۔ الْجَاهِلُ عَدُوٌّ لِنَفْسِه فَكَيْفَ يَكُونُ صَدِيقًا لِغَيْرِه ۔ الْجَاهِلُ يَطْلُبُ الْمَالَ وَالْعَاقِلُ يَطْلُبُ الْكَمَالَ ۔ إِذَا تَكَرَّرَ الْكَلَامُ عَلَى السَّمْعِ تَقَرَّرَ فِي الْقَلْبِ ۔

حل ترکیب ۱ إِذَا حرف شرط، قَلَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، مَالُ مضاف، الْمَرْءِ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا فعل قَلَّ کا۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، قَلَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، صَدِيقُ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا فعل قَلَّ کا۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۱۲ ۲ إِصْلَاحُ مضاف، الرَّعِيَّةِ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، أَنْفَعُ اسم تفضیل کا صیغہ، مِنْ حرف جار كَثْرَةِ مضاف، الْجُنُودِ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا أَنْفَعُ کے، أَنْفَعُ اپنے متعلق سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲ ۳ الْجَاهِلُ مبتدا، عَدُوٌّ صفت کا صیغہ، لام حرف جار، نَفْس مضاف، ہٖ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا عَدُوٌّ کے، عَدُوٌّ اپنے متعلق سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فا تفریعیہ كَيْفَ حرف استفہام، يَكُونُ فعل ناقص صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں هُوَ اس کا اسم، صَدِيقًا صفت کا صیغہ لام حرف جار، غَيْرِ مضاف، ہٖ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا صَدِيقًا کے، صَدِيقًا اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی يَكُونُ کی، يكون اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۱۲ ۴ الْجَاهِلُ مبتدا، يَطْلُبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر اس میں هُوَ فاعل، الْمَالَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا۔ واؤ حرف عطف۔ الْعَاقِلُ مبتدا، يَطْلُبُ فعل مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر غائب ضمیر اس میں هُوَ اس کا فاعل، الْكَمَالَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا ۱۲ ۵ إِذَا حرف شرط، تَكَرَّرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، الْكَلَامُ اس کا فاعل، عَلَى حرف جار، السَّمْعِ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل تَكَرَّرَ کے، فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، تَقَرَّرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اس میں هُوَ اس کا فاعل (جو کلام کی طرف لوٹتی ہے)، فِي حرف جار، الْقَلْبِ مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا تَقَرَّرَ کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۱۲

اَلْحَسَدُ کَصَدَاءِ الْحَدِیْدِ لَایَزَالُ بِهٖ حَتّٰی یَاکُلَهٗ ۔ اَلْقَلِیْلُ مَعَ التَّدْبِیْرِ خَیْرٌ مِنَ الْکَثِیْرِ مَعَ التَّبْذِیْرِ۔ اُطْلُبِ الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ وَالرَّفِیْقَ قَبْلَ الطَّرِیْقِ۔ اَلْوَضِیْعُ اِذَا ارْتَفَعَ تَکَبَّرَ وَاِذَا حَکَمَ تَجَبَّرَ۔

حلِ ترکیب :۔ ا۔ اَلْحَسَدُ، مبتدا۔ کاف۔ حرف جار، صَدَاءِ، مضاف، اَلْحَدِیْدِ، مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف ہوا۔ لَایَزَالُ، فعل مضارع منفی صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ اس کا اسم، بَا حرف جار، ہٖ ضمیر مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا لَایَزَالُ کے۔ حَتّٰی حرف جار، یَاکُلُ، فعل مضارع معروف منصوب بِاَنْ، مصدریہ محذوف صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ اس کا فاعل، ہٗ، ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر بتاویل مفرد مجرور ہوا جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا لَایَزَالُ کے، لَایَزَال فعل اپنے فاعل سے اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صفت ہوا موصوف کا، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کَائِنٌ کے، کَائِنٌ، صفت کا صیغہ، اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی، مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲۔ ۲۔ اَلْقَلِیْلُ، صفت کا صیغہ، موصوف، مَعَ، مضاف، اَلتَّدْبِیْرِ، مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر، ظرف یا مفعول فیہ ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اپنے متعلق سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا۔ خَیْرٌ، اسم تفضیل کا صیغہ، مِنْ، حرف جار، اَلْکَثِیْرِ، موصوف، مَعَ، مضاف، اَلتَّبْذِیْرِ، مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر متعلق ہوا، کَائِنٌ محذوف کے، کَائِنٌ، اپنے متعلق سے مل کر صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا، خَیْرٌ کے، خَیْرٌ اپنے متعلقوں سے مل کر خبر، مبتدا، اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۲۔ ۳۔ اُطْلُبْ، فعل امر حاضر معروف، ضمیر اسمیں اَنْتَ، اس کا فاعل، اَلْجَارَ مفعول بہ، قَبْلَ، مضاف، اَلدَّارِ، مضاف الیہ، مضاف، اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ ہوا، واؤ، حرف عطف، اَلرَّفِیْقَ، مفعول بہ فعل مقدر اُطْلُبْ کا، قَبْلَ، مضاف، اَلطَّرِیْقِ، مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ، اُطْلُبْ، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے جملہ جملہ معطوفہ ہوا ۱۲۔ ۴۔ اَلْوَضِیْعُ، مبتدا، اِذَا، حرف شرط، اِرْتَفَعَ فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ، اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، تَکَبَّرَ، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ، اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر معطوف علیہ ہوا، واؤ، حرف عطف، اِذَا، حرف شرط، حَکَمَ، فعل ماضی معروف، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، تَجَبَّرَ، فعل ماضی معروف، از باب تَفَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب، ضمیر اسمیں ہُوَ، اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا ۱۲۔

۱: اَلفَرَاغ مِنْ شَانِ الاَمْوَاتِ وَالاِشْتِغَالُ مِنْ شَانِ الاَحْيَاءِ ۲: اَلصَّدِيْقُ الصَّدُوْق مَن يَنصَحكَ فِيْ غَيْبِكَ وَاٰثَرَكَ عَلٰى نَفسِهٖ ۳: اَفْضَلُ النَّاسِ مَنْ كَانَ بعيبه بصيرًا وَعَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ ضَرِيْرًا

